آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL Quetta
MEMBER OF APNS & CPNE
www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز اتوار 25 اکتوبر 2020ء بمطابق 07 ربیع الاول 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 289

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	4:24
ظہر	2:00
عصر	5:45
مغرب	7:12
عشاء	08:45
اہل تشیع فجر صبح	04:15
اہل تشیع ظہرین	01:00
اہل تشیع مغربین	07:27

ناجائز حکمرانوں کو عوام کی طاقت سے گھر بھوائیں گے، مولانا فضل الرحمن

کیپٹن صفدر واقعہ کو کامیڈی کہنے والے عمران نیازی اور اسکی حکومت خود کامیڈین ہیں آئی جی پولیس کو یرغمال بنایا جانا بھی کامیڈی ہے

جسٹس فائز عیسیٰ کیس میں معزز عدالت کے فیصلے آنے کے بعد پہلے آئینی اور اب اخلاقی طور پر موجودہ صدر اس منصب کا اہل نہیں رہے

ہم مسلط شدہ سلیکٹڈ حکومت وقت پر یہ واضح کرنا چاہتے ہیں کہ اس خوش فہمی میں نہ رہیں کہ پاکستان کی یہ جمہوری سیاسی عوامی قوتیں یا تو تھک جائیں گی، سربراہ پی ڈی ایم ودیگر کا خطاب

مستونگ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے قائد و مرکزی امیر و پی ڈی ایم کے سربراہ مولانا فضل الرحمن کی جامعہ نصیریہ مستونگ آمد اور شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالعزیز مرحوم، نکری محمد حسین شاہوانی مرحوم، قاری محمد قاسم مینگل مرحوم کے لواحقین مولوی شبیر احمد شاہوانی نکری احترام الحق شاہوانی مولوی شکیل احمد مولوی عصمت اللہ مولوی منظور احمد حافظ مسعود احمد حافظ محمد یحییٰ مینگل حافظ غلام فاروق مینگل حافظ محمد طیب سے اظہار تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع انہوں نے کارکنوں کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ناجائز حکمرانوں کو عوام کی طاقت سے گھر بھوائیں گے اپوزیشن بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

اسلام آباد وفاقی وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی میں تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

جلسے کے حوالے سے فول پروف سیکورٹی کے انتظامات کر لئے گئے ہیں، لیاقت شاہوانی

قائدین جس ہوٹل میں مقیم ہیں اسے مکمل کارڈن آف کر دیا گیا ہے، موٹر سائیکل پر ڈبل سواری پر پابندی ہوگی

کوئٹہ (این این آئی) ترجمان حکومت بلوچستان لیاقت شاہوانی نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم کے قائدین کوئٹہ پہنچ گئے ہیں انھیں بلٹ پروف گاڑیاں اور سیکورٹی فراہم کر دی گئی ہے اور جلسے کے حوالے سے فول پروف سیکورٹی کے انتظامات کر لئے گئے ہیں قائدین جس ہوٹل میں مقیم بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

وفاقی و صوبائی حکومتیں ثابت کر رہی ہے

جمہوریت بھی تہہ خانوں میں قید ہے

سردار اختر مینگل

حکومت انتظار کرے دل بڑا رکھ کر جلسے کو دیکھے جب جلسے کی آوازیں حکمرانوں کی کانوں میں گونجیں گی تب انہیں سیاسی جماعتوں کی قوت کا احساس ہوگا

حکومت بلوچستان کے ترجمان کرائے کی کرسی کی طرح ہیں انکے بیان پر کوئی تبصرہ نہیں کرونگا، جن تنظیموں کے ناموں سے ہمیں تھرٹ دیا جا رہا ہے

جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کے خلاف ریفرنس کے فیصلے نے عدلیہ پر اعتماد بحال کیا ہے لیکن اس ریفرنس کو دائر کرنے والوں کے خلاف بھی کروائی کی جائے، رکن قومی اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ رکن قومی اسمبلی سردار اختر جان مینگل نے کہا ہے کہ بلوچستان کے فیصلے ہمیشہ تاریخی رہے ہیں کوئٹہ کا جلسہ نہ صرف تاریخی بلکہ جمہوریت پر شب خون مارنے والی قوتوں اور جمہوریت کا قتل عام کرنے والے تابوت میں آخری کیل ثابت ہوگا حکومت بلوچستان کے ترجمان کرائے کی کرسی کی طرح ہیں انکے بیان پر کوئی تبصرہ نہیں کرونگا، جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کے خلاف ریفرنس کے فیصلے نے عدلیہ پر اعتماد بحال کیا ہے لیکن اس ریفرنس کو دائر کرنے والوں کے خلاف بھی کروائی کی جائے۔ یہ بات انہوں نے ہفتہ کو ایوب اسٹیڈیم کوئٹہ جلسہ گاہ کا دورہ کرنے کے موقع پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ سردار اختر مینگل نے کہا کہ حکومت کہتی ہے میڈیا آزاد ہے اور آزادی اظہار رائے بھی ہے ملک میں اس وقت مکمل جمہوریت بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

قلات پی ڈی ایم کے صدر مولانا فضل الرحمان صحافیوں سے گفتگو کر رہے ہیں

قومیں کپاس، کپڑا بیچنے سے نہیں، تعلیم سے آگے بڑھتی ہیں، وزیر اعظم

جو لوگ لاہور میں بڑے بڑے محلوں میں رہ کر چیف منسٹر بن جائیں اور چیک اپ بھی لندن میں جا کر کروائیں

لڑکیوں کے اسکول میں ٹیچر کی دستیابی یقینی بنانے کے حوالے سے ہم عثمان بزدار کے ساتھ کھڑے ہیں، عمران خان

میانوالی (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان نے کہا ہے کہ قومیں کپاس اور کپڑا بیچنے سے نہیں، تعلیم اور لوگوں پر سرمایہ کاری سے آگے بڑھتی ہیں، جو لوگ لاہور میں بڑے بڑے محلوں میں رہ کر چیف منسٹر بن جائیں اور چیک اپ بھی لندن میں جا کر کروائیں، بچے ان کے لندن میں ہوں، ان کو کیسے احساس ہوگا کہ لوگ یہاں کیسے رہتے ہیں، لڑکیوں کے اسکول میں ٹیچر کی دستیابی یقینی بنانے کے حوالے بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

بین الافغان مذاکرات طویل اور پیچیدہ ہو سکتے ہیں، وزیر خارجہ

پاکستان اور افغانستان کے مابین دوطرفہ تجارت اور معیشت کے فروغ کیلئے مواقع موجود ہیں، استفادہ کرنا چاہیے، شاہ محمود قریشی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ پاکستان اور افغانستان کے مابین دوطرفہ تجارت اور معیشت کے فروغ کیلئے بہت سے مواقع موجود ہیں جن سے استفادہ کرنا چاہیے، بین الافغان مذاکرات طویل اور پیچیدہ ہو سکتے ہیں، مذاکرات کنندگان صبر و تحمل بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

حکومتی ترجمان اتنے پاگل ہو چکے ہیں کہ بیان آنے والا ہے کہ مریم نواز نے کمرے پہ حملہ کروانے کیلئے آئی جی صاحب کو اغواء کروایا، مریم اورنگزیب

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی ترجمان مریم اورنگزیب نے حکومتی ترجمانوں کے بیان پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومتی ترجمان اتنے پاگل ہو چکے ہیں کہ تھوڑی دیر میں بیان آنے والا ہے کہ مریم نواز نے اپنے کمرے پہ حملہ کروانے کے لئے آئی جی صاحب کو اغواء کروایا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

پولیو وائرس کے خاتمے کیلئے مستقل مزاجی کے ساتھ جدوجہد کی ضرورت ہے، جام کمال خان

تمام مکاتب فکر کے یکجا ہونے کی وجہ سے کسی حد تک اس بیماری پر قابو پانے میں ہم کامیاب ہو رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کا پولیو کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں پولیو کیسز میں حالیہ اضافہ پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ آج دنیا بھر میں پولیو کا عالمی دن منایا جا رہا ہے اس دن کو منانے کا حقیقی مقصد یہی ہے کہ ہم اپنے معاشرے سے بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

کوئٹہ مسلم لیگ ن کے مرکزی نائب صدر مریم نواز مندوخیل ہاؤس میں شمولیتی تقریب سے خطاب کر رہی ہے

عدالت عالیہ موسم سرما کی تعطیلات کے دوران مورخہ 2 جنوری 2021 تا 21 فروری 2021 تک بند رہے گی

کوئٹہ (ن ن) بلوچستان ہائی کورٹ کے ایک اعلامیہ کے مطابق سال 21-2020 کے لیے عدالت عالیہ بلوچستان کے لیے سردیوں کی تعطیلات کا اعلان کر دیا گیا ہے اور عدالتی اوقات کار میں تبدیلیاں کی گئی ہیں، عدالت عالیہ کے ایک نوٹیفکیشن کے مطابق عدالت عالیہ موسم سرما کی تعطیلات کے دوران مورخہ 2 جنوری 2021 تا 21 فروری 2021 تک بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

پی ڈی ایم کے ذمہ نہاد جماعتیں قوم کو ایک سراب کے پیچھے لگانے کی کوشش کر رہے ہیں، مولانا عبدالقادر لونی

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کے صوبائی امیر مولانا عبدالقادر لونی نے کہا کہ کہ پی ڈی ایم بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

کفری کی قوتیں تمام ہتھکنڈے اور حربے اسلام کے خلاف استعمال کئے جا رہے ہیں، مولانا قاری مہر اللہ

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہر اللہ، جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی مینگل بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

شاہرگ میں بے گناہ معصوم مزدوروں پر آئی ڈی حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہے، رکن صوبائی اسمبلی

ہرنائی (این این آئی) بی اے پی کے خاتون رکن صوبائی اسمبلی لیلیٰ ترین، بی اے پی کے ضلعی آرگنائزر ملک روح اللہ بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

قمبرانی روڈ بشیر چوک کے قریب نامعلوم افراد کی فائرنگ سے یاسین نامی شخص زخمی ہو گیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں فائرنگ ایک شخص زخمی۔ پولیس کے مطابق ہفتہ کو کوئٹہ کے علاقے قمبرانی روڈ بشیر چوک کے قریب بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

عمران صاحب اگر قانون کا اطلاق برابر ہوتا تو آٹا چینی چور وزیر اعظم نہ ہوتا، مریم اورنگزیب

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی ترجمان مریم اورنگزیب نے وزیر اعظم عمران خان کے خطاب پر ردعمل کا بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

وزیر اعظم عمران خان کو علی عمران کی گمشدگی سے آگاہ کر دیا، شہزادہ اکبر

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان سے مشیر داخلہ و احتساب بیرسٹر شہزادہ اکبر کا ٹیلیفونک رابطہ ہوا ہے جس میں شہزادہ اکبر بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

پاک فضائیہ مادر وطن کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنانے کے لئے ہمہ وقت کوشاں ہے، سربراہ پاک فضائیہ

کراچی (این این آئی) پاک فضائیہ دشمن کی طرف سے کسی بھی قسم کی مہم جوئی کا بھرپور جواب دینے کے ساتھ ساتھ ملکی دفاع کو ناقابل بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

سندھ حکومت اور پولیس جیو نیوز کے رپورٹر علی عمران کی بازیابی کیلئے بھرپور کاوش اور تمام وسائل بروئے کار لائے، سینیٹر شبلی فراز

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات شبلی فراز نے کہا ہے کہ سندھ حکومت اور پولیس جیو نیوز کے بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

جعلی سلیکٹڈ حکومت کے دن گنے جا چکے ہیں مریم نواز شریف

عوام کے ووٹوں پر ڈاکہ ڈال کر بنائی گئی حکومت کے جانے کے دن قریب آ چکے ہیں، اگر اسلام آباد جانے کی کال دی گئی تو مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے کارکن اس میں بھرپور انداز میں شرکت کریں

میاں نواز شریف نے اپنے دور اقتدار میں بلوچستان کو بھرپور ترجیح دی قومی دھارے میں شامل کیا، نائب صدر پاکستان مسلم لیگ (ن)

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ عوام کے ووٹوں پر ڈاکہ ڈال کر بنائی گئی حکومت کے جانے کے دن قریب آ چکے ہیں، کوئٹہ کے جلسے میں بلوچستان کے عوام جعلی سلیکٹڈ حکومت اور سلیکٹرز کو پیغام دیں گے کہ انکے دن گنے جا چکے ہیں اگر اسلام آباد جانے کی کال دی گئی تو مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے کارکن اس میں بھرپور انداز میں شرکت کریں۔ یہ بات انہوں نے ہفتہ کو کوئٹہ میں مسلم لیگ (ن) صوبائی تنظیمی عہدیداروں اور کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان نواب ثناء اللہ خان زہری، مسلم لیگ بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

کشمیر تنازعہ، اقوام متحدہ کی ناکامی ایک اور عالمی جنگ کا سبب بن سکتی ہے، شہریار آفریدی

ترقی یافتہ ممالک ہی بھارت اور پاکستان کے مابین ہونے والے تصادم کے ذمہ دار ہوں گے، چیئرمین کشمیر کمیٹی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین کشمیر کمیٹی شہریار خان آفریدی نے اقوام متحدہ کیلئے پراسرار خاموشی توڑنے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ وہ کشمیر پر تنازعات کے حل کے لئے پوری تندہی سے کام کرے کیونکہ اگر بروقت اس مسئلہ کا حل نہ ڈھونڈا گیا تو دونوں ممالک کے درمیان جنگ چھڑ سکتی ہیں۔ اقوام متحدہ کے 75 ویں یوم تاسیس کو منانے کے لئے منعقدہ "تنازعہ کشمیر کے کردار میں اقوام متحدہ کے کردار" پر سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے شہریار آفریدی نے کہا کہ اقوام متحدہ کی ناکامی آذربائیجان اور آرمینیا کے مابین جنگ شروع ہونے کا سبب بنی ہے اور بالکل اسی نوعیت کی جنگ اس خطے بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

لاہور وفاقی وزیر ریلوے شیخ رشید احمد ریلوے ہیڈ کوارٹر میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

انتشار کے ذریعے پی ڈی ایم تفرقہ پھیلا رہے ہیں، عوام ملک دشمنوں کی باتوں میں نہ آئیں، غلام سرور خان

پی ڈی ایم ضمیر فروشوں کا ٹولہ ہے، اللہ کے فضل و کرم سے یہ کبھی اپنے عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہونگے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ہوا بازی غلام سرور خان نے کہا ہے کہ انتشار کے ذریعے پی ڈی ایم تفرقہ پھیلا رہے ہیں، عوام ملک دشمنوں کی باتوں میں نہ آئیں، پی ڈی ایم ضمیر فروشوں کا ٹولہ ہے، اللہ کے فضل و کرم سے یہ کبھی اپنے عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہونگے۔ جنتہ کو وفاقی وزیر برائے ہوا بازی غلام سرور خان نے یوسی 82 مورگاہ راولپنڈی کا دورہ کیا اور ڈھوک مستریاں واٹر سپلائی کا افتتاح، روبی اسکول میں نئے کمروں کا افتتاح اور ڈھوک نواز کی گلیات کی تعمیر کا افتتاح کیا اور عمائدین بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

دعا گو ہوں اپوزیشن کے کوئٹہ، پشاور کے جلسے خیریت سے ہوں، شیخ رشید

حکومت چار مہینوں تک مہنگائی پر قابو پالے گی، وقت آنے پر پیپلز پارٹی وہ فیصلہ کریگی جس سے جمہوریت کو خطرہ نہ ہو، وزیر ریلوے کی پریس کانفرنس

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ بھارت کی مالی معاونت سے کالعدم تحریک طالبان پاکستان دوبارہ آرگنائز ہو رہی ہے، دہشتگرد عملی طور پر پاکستان کے اندر داخل ہو چکے ہیں، دعا گو ہوں کہ اپوزیشن کے کوئٹہ اور پشاور کے جلسے خیریت سے ہوں، کوئی بھی سانحہ رونما ہو سکتا ہے جس سے سیاست میں اکھاڑ پچھاڑ ہو سکتی ہے، 31 دسمبر سے 20 فروری کے درمیان جھاڑو پھر جائے گا، جو بڑے پہلوان بنے ہوئے ہیں وہ نارزن کی پکڑ میں آئیں گے دسمبر یا جنوری میں عمران بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم کی تحریک بحالی جمہوریت عوام کے حقوق 1973ء کے آئین کے تحفظ کیلئے ہے

یہ اٹھارویں آئینی ترمیم کو بچانے کی تحریک ہے جس کے تحت ہم نے صوبوں کو انکے حقوق دیئے تھے

پیپلز پارٹی کے جیالے آج کوئٹہ کے جلسے میں اپنی بھرپور شرکت کو یقینی بنائیں، چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم کی تحریک بحالی جمہوریت، عوام کے حقوق، 1973ء کے آئین کے تحفظ کیلئے ہے پیپلز پارٹی کے جیالے آج کوئٹہ کے جلسے میں اپنی بھرپور شرکت کو یقینی بنائیں۔ یہ بات انہوں نے پی ڈی ایم کے آج کوئٹہ میں ہونے والے جلسہ کے حوالے سے ایک ویڈیو پیغام میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں بھی جمہوری قوتوں نے ملک میں ملکر ایم آر ڈی کی تحریک آمریت کے خلاف چلائی پھر سیاسی قوتوں نے ملکر اے آر ڈی کی تحریک مشرف آمریت کے خلاف چلائی اسی طرح آج ملک کی تمام سیاسی جمہوری قوتوں نے پی ڈی ایم کی تحریک، موجودہ سلیکٹڈ حکومت اور انکے سہولت کاروں کے خلاف شروع کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم کی تحریک ملک میں بحالی جمہوریت، عوام کے حقوق کے حصول، 1973ء کے آئین کے تحفظ کی تحریک ہے یہ اٹھارویں آئینی ترمیم کو بچانے کی تحریک ہے جس کے تحت ہم نے صوبوں کو انکے حقوق بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

نواز شریف لندن میں بیٹھ آرمی چیف سے سوال کرنے والے کون ہوتے ہیں؟ اسد عمر

کیپٹن (ر) صفدر کی اپنی جماعت میں کوئی حیثیت نہیں، انہیں گرفتار کرنے کا کیا فائدہ؟، وفاقی وزیر برائے منصوبہ و ترقیات

کورونا نہ ہو تو پی ٹی آئی اور ایم کیو ایم کراچی میں بڑا جلسہ کر کے دکھائیں، حیدرآباد میں کارکنوں سے خطاب، میڈیا سے گفتگو

حیدرآباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی و ترقی اسد عمر نے مسلم لیگ (ن) قائد میاں نواز شریف کو مخاطب کرتے ہوئے کہا ہے کہ نواز شریف کون ہوتے ہیں جو لندن میں بیٹھ کر چیف آف آرمی اسٹاف جنرل قمر جاوید باجوہ سے سوال کریں، کیپٹن (ر) صفدر کی اپنی جماعت میں کوئی حیثیت نہیں، انہیں گرفتار کرنے کا کیا فائدہ؟، پی ڈی ایم کے کراچی جلسے میں مقامی لوگ نہیں تھے، اس جلسے سے گھبرانے کی کوئی بات نہیں، کورونا نہ ہو تو پی ٹی آئی اور ایم کیو ایم کراچی میں بڑا بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

ایف اے ٹی ایف بلیک لسٹ میں جانے کے تمام خدشات ختم ہو گئے، حماد اظہر

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر صنعت و پیداوار حماد اظہر نے کہا ہے کہ ایف اے ٹی ایف کے معاملے پر پاکستان کے بدخواہوں کو منہ کی کھانا پڑی ہے، ایف اے ٹی ایف بلیک لسٹ میں جانے کے تمام خدشات ختم ہو گئے، اجلاس میں پاکستان کی بہتر کارکردگی کا اعتراف کیا گیا، پاکستان نے ایکشن پلان میں 27 میں سے 21 نکات پر عمل بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

PDM کے دو پاور شو حکمرانوں کی ٹانگیں کانپ چکیں، اراکین سینیٹرز

سلیکٹڈ اور نااہل حکمرانوں نے ملک کو تاریکی میں دھکیل دیا ہے، اخباری بیانات میں شہ سرخیوں سے مہنگائی ختم نہیں ہو سکتی

ملک کی حقیقی سیاسی جماعتیں مملکت خداداد کو تاریکی سے نکال کر روشنی کی طرف لائینگے، عبدالرحیم زیارتوال و دیگر

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کی سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں، قومی و صوبائی اسمبلی کے اراکین سینیٹرز نے کہا ہے کہ اخباری بیانات میں شہ سرخیوں سے مہنگائی ختم نہیں ہو سکتی، پی ڈی ایم کے دو پاور شو سے حکمرانوں کی ٹانگیں کانپ چکیں، سلیکٹڈ اور نااہل حکمرانوں نے ملک کو تاریکی میں دھکیل دیا ہے، ملک کی حقیقی سیاسی جماعتیں مملکت خداداد کو تاریکی سے نکال کر روشنی کی طرف لائینگے، منزل قریب، عوام جلد سلیکٹڈ و نااہل حکمرانوں سے چھٹکارا پالیں گے۔ ان خیالات کا اظہار پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے عبدالرحیم زیارتوال، رکن اسمبلی نصر اللہ زیرے، نیشنل پارٹی کے سینیٹر میر کبیر احمد محمد شہی، جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما، رکن قومی اسمبلی مولانا صلاح الدین ایوبی، بلوچستان نیشنل پارٹی کے رکن صوبائی اسمبلی و پبلک اکاؤنٹس کے چیئرمین اختر حسین بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم (آج) کوئٹہ میں اپنی سیاسی طاقت کا مظاہرہ کریگی، نواز شریف بھی خطاب کریگے

لاہور (این این آئی) پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (آج) اتوار کوئٹہ میں اپنی سیاسی طاقت کا مظاہرہ کرے گی۔ 11 اتحادی اپوزیشن جماعتوں کا کوئٹہ میں تیسرا جلسہ ہوگا۔ جلسے سے مسلم لیگ (ن) کے قائد محمد نواز شریف بذریعہ ویڈیو لنک خطاب کریں گے۔ پی ڈی ایم کے اتحاد میں شامل بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

اسفندیار ولی خان صحت ٹھیک نہ ہونے کی وجہ سے جلسے میں شرکت نہیں کر سکیں گے، اصغر خان اچکزئی

نااہل سلیکٹڈ حکمرانوں کی ناقص پالیسیوں، مہنگائی، بے روزگاری اور بدامنی سے عوام بے زار ہو چکی

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر و پارلیمانی لیڈر اصغر خان اچکزئی نے کہا ہے کہ اسفندیار ولی خان صحت ٹھیک نہ ہونے کی وجہ سے جلسے میں شرکت نہیں کر سکیں گے، نااہل سلیکٹڈ حکمرانوں کی ناقص پالیسیوں، مہنگائی، بے روزگاری اور بدامنی سے عوام بے زار ہو چکی، عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی قائدین کوئٹہ پہنچ چکے ہیں، جمہوریت پسند عوام جلسے میں بھرپور شرکت کر کے ثابت کریگے کہ وہ اس نااہل و سلیکٹڈ حکومت کے خلاف اور حقیقی سیاسی جماعتوں کے ساتھ ہے۔ ان خیالات بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

اسکردو چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری مہدی آباد میں کارنر میٹنگ سے خطاب کر رہے ہیں

عمران خان کی حکومت ملکی تاریخ کی سب سے زیادہ بدعنوان اور ناکام حکومت ہے، ڈاکٹر عبدالمالک

لوگ بڑے پیمانے پر غربت و مہنگائی اور بیروزگاری کی چکی میں پس رہی ہے، بدامنی اور لاقانونیت اپنے عروج پر ہے

عام شہریوں کیلئے امن، انصاف اور روزگار کے دروازے بند ہو چکے ہیں خارجہ پالیسی تنہائی کا شکار ہے، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا ہے کہ تحریک انصاف کی حکومت کے خلاف پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) کا کوئٹہ کا جلسہ تحریک انصاف کی حکومت کے خلاف جدوجہد کا ایک سنگ میل ہوگا انہوں نے کہا عمران خان کی حکومت ملکی تاریخ کی سب سے زیادہ بدعنوان اور ناکام حکومت ہے یہ مقتدرہ کی طرف سے ایک نئے طرز عمل کا حکومتی ڈھانچہ ہے جو مکمل ناکام لا بھی نہیں لیکن جمہوری تو بالکل بھی نہیں پارلیمنٹ کی بیتوقیری کا یہ عالم ہے کہ یہ آمروں کی پارلیمنٹوں سے بھی زیادہ بے اختیار اور گئی گزری ہے حکمران اندر بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

عوام کو پی ڈی ایم کے جلسوں میں کوئی دلچسپی نہیں ہے، نور محمد دمڑ

بلوچستان حکومت جام کمال کی قیادت متحدہ اور وزیر اعلیٰ اپنی آئینی مدد پورا کریگا

حکومت کی جانب سے جلسہ روکنے کیلئے کوئی رکاوٹ نہیں ڈالی جا رہی ہیں اور نہ ہی کوئی سازش کر رہی ہیں، صوبائی وزیر

ہرنائی (این این آئی) بی اے پی کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ نیکا کی جانب سے کوئٹہ میں تھریٹ الرٹ جاری کرنے پر پی ڈی ایم سنجیدگی سے جائزہ لیکر صوبے کی امن خراب کرنے بچایا جائے۔ عوام کو پی ڈی ایم کے جلسوں میں کوئی دلچسپی نہیں ہے کیونکہ عوام ترقی و خوشحالی روزگار اور امن و امان چاہتے ہے جس کیلئے حکومت تمام تر اقدامات کر رہی ہیں بلوچستان حکومت جام کمال کی قیادت متحدہ اور وزیر اعلیٰ اپنی آئینی مدد پورا کریگا شاہرگ کے علاقے جالاوان میں کوئلے کانوں میں کام کرنے والے مزدوروں کو بارودی مواد کے ذریعے نشانہ بنانے کی واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہے حملے بے گناہ معصوم لوگوں کو نشانہ بنانے والے ملوث عناصر کو انکے انجام تک پہنچائے گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ صوبائی حکومت نے پی ڈی ایم کو فل پروف سیکورٹی کی فراہمی دینے کیلئے تمام تر انتظامات کئے گئے بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

بلوچستان شہر حب دو مختلف ٹریفک حادثات میں دو افراد جاں بحق ہو گئے

حب (آن لائن) بلوچستان شہر حب دو مختلف ٹریفک حادثات میں دو افراد جاں بحق ہو گئے ایدھی ذرائع کے مطابق حب سٹی تھانے کے ٹریلر کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار جاں بحق ہو گیا جسے سول ہسپتال حب منتقل کر دیا گیا جس کی شناخت سعید احمد ولد محمد ملک غلام فرید کے نام سے ہوئی جو کہ پنجاب ضلع جہلم کا رہائشی بتایا جاتا ہے جبکہ دوسرا حادثہ بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

نواز شریف علاج مکمل کروانے کے بعد واپس آ جائیں گے، آصف کرمانی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر آصف کرمانی نے کہا ہے کہ نواز شریف علاج مکمل کروانے کے بعد واپس آ جائیں گے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ عمران خان بورس جانسن کے ذریعے چینی چور جہانگیر ترین کو واپس لائیں۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی کے حاتموں بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

بلوچستان اسمبلی میں پی ڈی ایم تحریک کے خلاف سرکاری قرارداد جمع کروا دی گئی پیر کو اسمبلی اجلاس میں پیش کی جائے گی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی میں پی ڈی ایم تحریک کے خلاف سرکاری قرارداد جمع کروا دی گئی پیر کو اسمبلی اجلاس میں پیش کی جائے گی۔ تفصیلات کے مطابق صوبائی وزراء سردار محمد صالح بھوتانی، سردار یار محمد رند، میر ظہور بلیدی، میر سلیم کھوسہ، سردار عبدالرحمن کھیتران، میر ضیاء لانگو، وزیر اعلیٰ کے مشیر عبدالخالق ہزارہ، رکن صوبائی اسمبلی بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

تمام مشکلات اور خطرات کے باوجود ہمارے پولیو ورکرز پرعزم ہیں، ظہور بلیدی

انسداد پولیو کے عالمی دن پر تمام پولیو ورکرز خصوصاً خواتین ورکرز کو سلام پیش کرتا ہوں

جو گھر گھر جا کر پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا رہے ہیں، صوبائی وزیر خزانہ

کوئٹہ (این این آئی) عالمی انسداد پولیو مہم کے دن کے حوالے سے کوئٹہ کے مقامی ہوٹل میں تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں صوبائی وزیر خزانہ میر ظہور بلیدی، ایمرجنسی آپریشن سینٹر کے کوارڈینیٹر راشد رزاق اور پولیو مہم میں حصہ لینے ورکرز نے بڑی تعداد میں حصہ لیا۔ تقریب کے دوران پولیو مہم میں جان کا نذرانہ پیش کرنے والے ورکرز اور سیکورٹی اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ صوبائی وزیر خزانہ میر ظہور بلیدی نے انسداد پولیو کے عالمی دن پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پولیو کے خلاف جہاد میں کام کرنے والے تمام افراد کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ وہ صوبے میں پولیو جیسے موذی مرض کے خاتمے کیلئے اپنی خدمات بہت بہادری اور تندہی سے ادا کر رہے ہیں۔ پولیو مہم کے دوران ورکرز کو بہت ساری مشکلات درپیش ہیں کہیں انکاری بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ آج ک

www.dailyshal.com
روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

25 اکتوبر 2020ء

اشیاء خوردونوش کی قیمتوں میں اضافے کے بعد غریب فاقہ کشی پر مجبور

حکومت پاکستان کی جانب سے اشیاء خوردونوش کی قیمتوں میں اضافے کے بعد غریب فاقہ کشی پر مجبور ہو گئے، ٹماٹر 200 روپے کلو، دیگر اشیاء میں بھی 500 فیصد اضافہ، لاکھوں گھروں کے چولہے بجھ گئے۔ تفصیلات کے مطابق آزاد کشمیر کے دارلحکومت مظفرآباد میں ٹماٹر 200 روپے کلو جبکہ دیگر اشیاء میں 500 فیصد اضافہ ہونے کے بعد چینی 110 روپے کلو، آٹا 90 روپے کلو فروخت ہو رہا ہے، عوام کی مہنگائی کے باعث چیخیں نکل گئی ہیں جبکہ ایک سروے کے مطابق اس وقت 45% لوگوں کے گھروں کے چولہے بجھ گئے ہیں جبکہ 25% کے گھروں میں 2 وقت چولہا جلتا ہے اور بڑی کسمپرسی کی طرح اپنے بال بچوں کا پیٹ پال رہے ہیں 15% کے گھروں میں 3 وقت کی روٹی پکتی ہے جبکہ سروے کے مطابق اگر مہنگائی پر آئندہ 2 ماہ تک کنٹرول نہ کیا گیا تو غربت سے تنگ آ کر لوگ اپنے گردے، خون فروخت کرنے کے علاوہ خودکشی کرنے پر بھی مجبور ہو جائیں گے، عوام کا سروے میں کہنا ہے کہ پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ مہنگائی اُس حد تک پہنچ گئی ہے جس سے آگے موت ہے، اگر حکومت پاکستان مہنگائی پر کنٹرول نہیں کر سکتی تو وہ مستعفی ہو جائے کیونکہ حکومت پاکستان کے پاس اپنی عیاشیوں کیلئے وافر فنڈز موجود ہیں، ٹی اے ڈی اے حاصل کر رہے ہیں اُن کیلئے پانی بھی باہر سے آتا ہے، وہاں عوام کو ایک پیسے کی سہولت بھی فراہم نہیں کی گئی، عوام پر رحم کھائیں اور پالیسیوں تبدیلی لیں۔

اللہ کی محبت کا حصول

انسان میں کئی طرح کی محبتیں بھر دی گئی ہیں، خود لے کر اپنی اولاد اور پھر مال تک وہ تمام محبتیں ہیں جو ہر

عشاء مقبول

کسی میں موجود ہیں۔ اس کے بعد اگلا درجہ ہے اپنے ساتھ کے رشتوں سے محبت کرنا اور پھر اس سے محبت کرنا جو دکھائی نہ دے۔ ان تمام اقسام کی محبتوں کے معیارات اور درجے بھی الگ ہیں، مگر ان سب پر جو محبت فوقیت رکھتی ہے وہ اس ذات کی ہے جس نے انسان کو بنایا پھر اس کے بھیجے ہوئے پیغام دینے والے سے محبت کرنا اور اس کے پیغام سے محبت کرنا۔ سوال یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ سے ہی سب سے زیادہ محبت کیوں کی جائے؟ اللہ تعالیٰ کی اطاعت کیوں ضروری ہے؟ اگر ہم کائنات اور کائنات میں موجود چیزوں کو دیکھیے تو ہمیں اس کے بنانے والا کا خیال آتا ہے کہ یہ سب چیزیں کس نے بنائی اتنا منظم نظام کائنات کا کون چلا رہا ہے کوئی ایسی ہستی موجود ہے جو اس نظام کو چلا رہی ہے اللہ تعالیٰ نے ہمیں بے شمار نعمتوں سے نوازا ہے اور ہم اس کی نعمتوں کا شکر ادا نہیں کر سکتے، بے شمار احسان ہم پر ہیں ہم نہ چاہتے ہوئے بھی اسے نظر انداز نہیں کر سکتے کوئی ہم پر جب احسان کرتا ہے تو ہم اس کے ساری زندگی احسان مند رہتے ہے تو اس ہستی کے ہم شکر گزار اور احسان مند کیوں نہ ہو اور اس سے محبت کیوں نہ کی جائے جس کے ہم پر بے شمار احسانات ہے ہمارا وجود اس کی مثال ہے۔ قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہے "اور اللہ کے احسانات کو گننا چاہو تو تم نہ گن سکو گے۔" (ابرہیم)

محبت کو دیکھا جائے تو وہ دو طرح کی ہوتی ہے ایک محبت حسی وجبلی ہوتی ہے۔ جیسے ماں کو اپنے بچے سے ہوتی ہے اور ایسی محبت جانوروں میں بھی پائی جاتی ہے اور ایک محبت عقل کی بنیاد پر ہوتی ہے جو انسان کے ساتھ خاص ہوتی ہے جو عقل کی رہنمائی فرماتی ہے۔ مومن کی محبت کا تقاضا یہ ہے کہ صرف اللہ کی ذات سے محبت ہونی چاہیے۔ ارشاد ربانی ہے: "وہ لوگ جو ایمان لائے وہ سب سے زیادہ اللہ سے محبت رکھتے ہیں" (البقرہ)

اللہ نے ہمارے اوپر بے شمار احسانات کیے ہیں جن کو گنانا ممکن ہے، مگر کچھ احسانات وہ ہیں جن کو دیکھ کر ہمیں محسوس ہوگا کہ اللہ سے سب سے زیادہ محبت کیوں کی جائے۔ اس نے ہمیں زندگی جیسی انمول نعمت عطا کی، ہمیں عقل وشعور عطا کیا جو ہمیں دیگر مخلوقات سے ممتاز کرتا ہے، زندگی کے ساتھ ساتھ اس زمین میں رہنے کے تمام اسباب عطا کیے، خلافت ارضی عطا کی، ہماری رہنمائی کے لیے انبیاء کرام اور پیغمبر اور رسول بھیجے، ہم پر اپنے پیارے نبی (صلی علیہ وآلہ وسلم) کے ذریعے اپنی آسمانی کتاب بھیجی جو نہ صرف دنیا میں ہماری رہنمائی کریں گی بلکہ اخرت میں بھی ہماری شفاعت کا ذریعہ بنے گی، وہ مشکلات میں ہماری مدد کرتا ہے ہماری فریاد سنتا ہے اور ہمیں بے سہارا نہیں چھوڑتا، وہ ہمارے حق میں بہت مہربان اور سدا رحم کرنے والا معاف کرنے والا ہمارے گناہوں پر پردہ پوشی کرنے والا ہماری توبہ قبول کرنے والا ہے۔

ان احسانات کا مطلب ہے کہ ہم بھی اللہ سے محبت کریں، اس کے بتائے ہوئے طریقوں پر زندگی گزاریں، اس کی بندگی کے حقوق کو ادا کریں۔ اللہ تعالیٰ کی محبت کے کچھ طریقے وتقاضے ہیں ایسی چیزیں جو اس کو ناپسند ہے اسے نہیں کرنا چاہیے جو اسے پسند ہے اس پر عمل کرنا چاہیے اسی طرح ہم اس کی محبت کے مستحق بن سکتے ہیں۔

جس سے محبت کی جاتی ہے اس کی پسند اور ناپسند کا خیال رکھا جاتا ہے۔ اللہ کی محبت کا یہ تقاضا ہے جو چیز اسے ناپسند ہے اسے نہیں اختیار کرنا چاہیے جو پسند ہے اسے اختیار کرنا چاہیے جیسے کہ اللہ کو جو چیزیں نہ پسند ہے چند یہ ہیں۔ ہمیں صرف اللہ ہی کی عبادت کرنی چاہیے شرک نہیں کرنا چاہیے اور ہر قسم کے شرک سے بچنا چاہیے کیونکہ شرک ایک ایسا عمل ہے جو اللہ کو انتہائی ناپسند ہے۔ اس کی بابت اللہ پاک نے قرآن میں ارشاد فرمایا "آپ (صلی علیہ وآلہ وسلم) کہہ دیجئے کہ اگر تم اللہ سے محبت رکھتے ہو تو میری اتباع کرو پھر اللہ تم سے محبت کریں گا"۔

اللہ کی محبت کیسے حاصل کی جا سکتی ہے، اس کی ہمیں قرآن سے بہتر رہنمائی ملتی ہے۔ اللہ پاک نے ارشاد فرمایا،
"بے شک اللہ احسان کرنے والوں کو پسند کرتا ہے"۔
"بے شک اللہ تقویٰ کرنے والوں کو پسند کرتا ہے"۔
"بے شک اللہ پاکیزگی اختیار کرنے والوں کو پسند کرتا ہے"۔
"بے شک اللہ توبہ کرنے والوں کو پسند کرتا ہے"۔
اور کچھ اخلاق ایسے ہیں جو اللہ تعالیٰ پسند نہیں کرتا جیسے کہ
بے شک اللہ زیادتی کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا"
"بے شک اللہ فساد کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا"
"بے شک فضول خرچی کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا"
مختصراً ہم یوں کہہ سکتے ہیں ہمیں وہ اخلاق اپنانے چاہیے جس سے ہم اللہ کی محبت کی مستحق بن سکتے ہے جیسے اللہ پسند فرماتا ہے اور ان اخلاق کو ترک کرنا چاہیے جو اللہ کو ناپسند ہے اس طرح ہم اللہ کی محبت حاصل کر سکتے ہے ایک مومن ہونے کی حیثیت ہمیں ان تمام معاملات پر عمل کرنا چاہیے ہم عارضی محبت کی خاطر وہ کام کرتے ہیں جو کہ کسی کام کے نہیں اور ایک ایسی محبت جو دائمی ہے ہمارے لیے نجات کا باعث ہے دنیا اور آخرت میں کامیابی حاصل کر سکتے ہے اس پر عمل کرنا چاہیے اور صحیح حقدار سے محبت کرنی چاہیے اس کی باتوں احکامات پر عمل کرنا چاہیے جو ہمیں بن مانگے عطا کرتا ہے اور ہم پر اپنا رحم وکرم کرتا ہے۔

اردو سے غداری قوم سے غداری

کچھ دن قبل ایک سیاسی جلسے میں ایک بڑے نامور سیاستدان، اونچے قد کاٹھ کے مالک، پڑھے لکھے

خاندانی مفکر کو جہالت سے بھرپور تقریر کرتے سنا ---- باخدا یہ شعر یاد آ گیا کہ
تہذیب سیکھاتی ہے جینے کا سلیقہ
تعلیم سے جاہل کی جہالت نہیں جاتی
محترم محمود اچکزئی جی نے سائنس کالج کوئٹہ سے ایف ایس سی تک تعلیم حاصل کی اور پھر یونیورسٹی آف انجینئرنگ ٹیکنالوجی سے انجینئرنگ کی ڈگری حاصل کی ہے، آج وہ ایک گھاگ، کائیاں، سیاسی میدان کے انتہائی تجربہ کار سیاستدان کہلاتے ہیں اور بقول ان کے خوشامد پسند دوست احباب کے کہ اچکزئی اڑتی چڑیا کے پر گن لیتے ہیں --- لیکن افسوس کہ پھر وہی بات سچ لگتی ہے کہ ڈگری باشعور ہونے کی ضمانت نہیں --- تجربہ انسان کو باشعور بناتا ہے ---
محمود خان اچکزئی محترم نے اپنے حالیہ دنوں کے ایک خطاب میں کسی ہم جیسے جاہل پڑھے لکھے کے قول کی تصدیق کر دی --- بقول محمود اچکزئی صاحب کے اردو پاکستان کی زبان نہیں ہاں دیگر پاکستان میں بولی جانی والی مادری زبانیں ضرور پاکستانی زبانیں ہیں --- یہ بیان دے کر انہوں نے نا صرف پڑھے لکھے جاہل ہونے کا ثبوت دے دیا ہے بلکہ یہ بھی بتا دیا ہے کہ سیاسی مفاد کی خاطر آپ ملکی وقار اور تشخص کو بھی ٹھیس پہنچا سکتے ہیں۔
اس میں کچھ شک نہیں --- ہم آپ نے موجودہ دور میں بڑے بڑے قانون دانوں کو جہالت بھرے فیصلے کرتے ہوئے دیکھا، بیشک ہم نے بہت سے جاہل ان پڑھ گنواروں کو زندگی کا سبق پڑھاتے ہوئے ہم نے دیکھا لیکن یہ سچ ہے کہ وہ انسان جو زندگی کے تجربات سے سیکھتا ہے اور وہ انسان جو کتابوں سے پڑھ کر سیکھتا ہے ان دونوں میں بہت واضح فرق ہوتا ہے ----
کتابوں سے پڑھنے والوں کی اکثریت ڈگری اور نوکری کی خواہش لے کر پڑھتی ہے جبکہ تجربات کی بھٹی میں سلگ کر کندن بننے والا جاہل کیونکہ تجربات سے "خود" سیکھتا ہے تو زمانے کی ٹھوکر کو سہہ بھی لیتا ہے اور وہ "خود" اپنوں کو سیکھا بھی سکتا ہے کہ دیکھ یہ کرے گا تو ٹھوکر کھائے گا باز آ جا گر پروان بھرنی ہے ---
ہمارے گاؤں کا 80 سالہ غفور بابا لاٹھی مار کر بتا دیتا تھا یہاں کھودو یہاں پانی ہے --- کتابی دانشور ایسا کبھی نہ کر پائیں گے ---
ڈگری پڑھے لکھے جاہل پیدا کر سکتی ہے --- مگر پڑھا لکھا جاہل آپ کو تجربے کی بنیاد پہ زمانے کے درس دے کر پڑھا لکھا بنا سکتا ہے ---
کیونکہ اس کے پاس بصارت کے ساتھ ساتھ بصیرت بھی ہوتی ہے ---
بروز بدھ سندھ اسمبلی میں اپوزیشن جماعت نے محمود خان اچکزئی کے اردو کے خلاف بیان پر مزمتی قرارداد جمع کرانے کی کوشش کی --- جب انہیں روکا گیا تو اپوزیشن نے اس پہ احتجاج شروع کر دیا --- اور یہ نعرے بازی شروع کر دی کہ "اردو کو عزت دو" اور "اردو کی حق تلفی بند کرو" --- ان کی کچھ نہ سنی تھی نہ سنی گئی۔ یہاں اس پہ بحث نہیں کی جا رہی بلکہ افسوس اس بات کا ہے کہ وہ اردو جس کے لیے ہمارے قائد اعظم محمد علی جناح نے ۲۱ مارچ ۱۹۴۸ میں ڈھاکہ کے مقام پہ خطاب کرتے ہوئے کہا کہ "میں واضح الفاظ میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ پاکستان کی سرکاری زبان صرف اور صرف اردو ہوگی جو شخص آپ کو اس سلسلے میں غلط راستے میں ڈالنے کی کوشش کرے گا وہ پاکستان کا پکا دشمن ہے۔ ایک مشترکہ زبان کے بغیر نہ تو پوری قوم متحد ہو سکتی ہے اور نہ کوئی کام کر سکتی ہے" اس اردو زبان سے نفرت کی جا رہی ہے --- یقیناً اردو سے بغض رکھنے والے کو پڑھا لکھا جاہل اور غدار وطن ہی کہا جا سکتا ہے ---
اردو زبان پاکستان کی واحد رابطہ زبان ہے ہماری تہذیب، ہمارا قومی تشخص ہے اردو کے لئے ایسے نازیبا الفاظ بولنے والا کبھی کوئی محب وطن ہو ہی نہیں سکتا --- پوری قوم کو ایک تجربہ کار سینئر سیاستدان سے ایسے الفاظ اور جملوں کی ہرگز توقع نہ تھی --- پاکستان کو انگریزی زبان کی غلامی سے نکال کر باوقار اور باشعور قوم بنانا ہے۔
ہم سب محبان اردو کو اردو کا نفاذ ملک بھر میں کر کے --- اپنا قومی تشخص بچانا ہے --

اس محبت پر جان قربان

رب العزت کی اپنے حبیب سے محبت کو کوئی انسان بیان کر ہی نہیں سکتا سوائے خود رب العزت کے۔ نبی

طیبہ ضیاء

کریمؐ نے فرمایا کہ تم لوگ مجھ پر "صلوٰۃ" کا حق ادا کرنا چاہو بھی تو نہیں کر سکتے، اس لئے اللہ ہی سے دعا کرو کہ وہ مجھ پر صلوٰۃ فرمائے۔" حقیقت میں بندہ گنہگار کی حیثیت ہی کیا ہے۔ نبی کریمؐ کے احسانات کا بدلہ بندے نہیں ادا کر سکتے۔ اللہ ہی ان کا اجر دے سکتا ہے حتیٰ کہ ہمارے دلوں میں نبی کریمؐ کی محبت اور اطاعت بھی اللہ ہی پیدا کر سکتا ہے لہٰذا محسن انسانیت نے بندے کو اپنے خدا سے بات کرنے اور مانگنے کا قرینہ بھی سکھا دیا ہے کہ وہ اللہ کے حضور اپنے عجز کا اعتراف کرتے ہوئے عرض کرتا ہے کہ اے اللہ! تیرے نبی پر صلوٰۃ کا جو حق ہے اسے ادا کرنا میرے بس میں نہیں، تو ہی میری طرف سے اس کو ادا کر اور مجھ سے اس کے ادا کرنے میں جو خدمت چاہے لے لے۔ حضورؐ نے اصحابہ کرامؓ کو جو درود سکھائے ہیں ان میں یہ بات ضرور شامل ہے کہ آپ پر ویسی ہی مہربانی فرمائی جائے جیسی ابراہیمؑ اور آل ابراہیم پر فرمائی گئی ہے۔ نبی کریمؐ کے ارشاد کی منشا یہ ہے کہ کوئی ایسا شخص جو نبوت کا ماننے والا ہو، میری نبوت پر ایمان لانے سے محروم نہ رہ جائے۔ بندہ اپنے خوابوں اور کشف وکرامات کا نہیں اپنے اعمال کا مکلف ہے۔ فانی الرسول امتی دنیا سے بے نیاز ہو جاتا ہے، دنیا میں ضرورت کی حد تک رہنا پسند کرتا ہے اور دنیا کی غلاظت سے اپنا دامن بچانے کی سعی میں لگا رہتا ہے، ایسے ہی جیسے کشتی دریا میں ہوتی ہے مگر مسافر اپنے کپڑوں کو بھیگنے سے بچانا چاہتا ہے۔ مومن دنیا میں ہوتا ہے، دنیا کے دل میں بستا ہے مگر دنیا کو اپنے دل میں بسنے نہیں دیتا۔ میلاد کی محافل سجانے سے نعت خوانوں اور قوالوں کو روزگار مل جاتا ہے اور سننے والوں کو عارضی سکون میسر آتا ہے البتہ عشق نبیؐ پانے کے لئے دنیا کے پل صراط عبور کرنے پڑتے ہیں، نفس کی چکی میں پسنا پڑتا ہے۔ نبی کریمؐ کی شان کریمی پر نعت گوئی میں جو شرف حضرت حسان بن ثابتؓ کو حاصل ہے، ان کے بعد کسی نعت خواں کو نصیب نہ ہو سکا۔ آپ نے ساٹھ برس کی عمر میں اسلام قبول کیا اور باقی زندگی عشق نبی میں (جاری ہے)

سوالیہ نظریں

آج گھر لوٹنے میں اسے ذرا دیر ہو گئی تھی۔ جیسے ہی گھر میں داخل ہوئی سب اسے سوالیہ نظروں سے دیکھ رہے تھے اور تایا جان نے اک زناٹے دار تھپڑ

کنول شیخ

اس کے منہ پر رسید کیا اور پوچھا کہ تم کہاں تھی اتنی دیر؟ یہ کوئی نئی بات نہ تھی، اسے اکثر ہی ایسے تھپڑ اور جملے برداشت کرنے پڑتے تھے۔ جب سے اس کے والد کا انتقال ہوا تھا تو تایا اور تائی ہی گھر کے مالک بن بیٹھے تھے۔ فرزانہ اور اس کی امی کی اس گھر میں کوئی حیثیت نہ رہی تھی۔ بلاشبہ پہلے بھی گھر میں تایا کی ہی چلتی تھی لیکن فرزانہ کے باپ کی وجہ سے اسے کوئی کچھ نہ کہتا تھا۔ اب اس کے اور اس کی امی کے ساتھ بہت برا سلوک کیا جاتا تھا۔ فرزانہ ایک پرائیویٹ کمپنی میں نوکری کرتی تھی۔

جب بھی وہ واپس آتی اس کو آتے ہی سوالیہ نظروں کا سامنا کرنا پڑتا تھا۔ تائی اسے طرح طرح کی باتیں سناتی کہ جانے وہاں نوکری ہی کرتی ہے یا نوکری کے نام پر کچھ اور۔ جب کبھی گھر لوٹنے میں دیر ہو جاتی تو بھی سوال کیے جاتے کہ کہاں تھی اتنی دیر؟ کس کے ساتھ رہی؟ فرزانہ اپنے کردار پہ اس طرح سوال اٹھائے جانے سے ٹوٹ ہی تو جاتی تھی۔ کیونکہ اس کے دل میں کوئی چور نہ تھا پھر بھی اس کو شک کی نگاہ سے دیکھا جاتا تھا۔ وہ اگر اپنی دوستوں سے بھی فون پر بات کر رہی ہوتی تو بھی اسے سوالیہ نظروں کا سامنا کرنا پڑتا کہ کس سے ہنس ہنس کر باتیں کر رہی تھی، ضرور کوئی لڑکا ہوگا۔ یہ سب سہتے سہتے وہ تھک چکی تھی۔ وہ کسی طرح اس سب سے نکلنا چاہتی تھی لیکن کیسے؟ اس کے پاس کوئی راستہ نہ تھا۔

یہ سب سوچتے سوچتے اس کی کب آنکھ لگ گئی اسے پتہ ہی نہ چلا۔ اگلی صبح وہ اٹھی اور تیار ہو کر آفس چلی گئی۔ آفس جا کر اسے پتہ چلا کہ آج اسے ریسٹورینٹ جانا ہے کسی کلائنٹ سے کچھ کاغذات وصول کرنے۔ نہ چاہتے ہوئے بھی اسے جانا پڑا کیونکہ یہ نوکری اس کی مجبوری تھی ورنہ وہ اور اس کی امی گھر سے نکال دی جاتیں اور کوئی ٹھکانہ بھی نہ تھا۔ وہ ریسٹورینٹ چلی گئی اور کلائنٹ سے ملی۔ اسے نہیں پتہ تھا کہ اس کے تایا بھی اس ریسٹورینٹ آئے ہوئے ہیں۔ انہوں نے فرزانہ کو دیکھ لیا تھا۔ فرزانہ اس سب سے بے خبر تھی۔

جب وہ کلائنٹ سے کاغذات پکڑنے لگی تو کچھ کاغذات نیچے گر گئے۔ وہ کاغذات اٹھانے کو نیچے جھکی اور کلائنٹ بھی اور غلطی سے کلائنٹ کا ہاتھ فرزانہ کے ہاتھ سے ٹکرا گیا۔ تایا جان نے دیکھا تو ادھر ہی اس کو ایک تھپڑ رسید کیا اور گھر لے آئے۔ آتے ہی پھر سب اسے سوالیہ نظروں سے دیکھنے لگے۔ حالانکہ فرزانہ کی اس میں کوئی غلطی نہ تھی پھر بھی وہ خاموش رہی اور تایا اس پہ تھپڑوں کی بارش کرتے رہے۔ اس کے کردار پر بہت سے جملے کسے گئے۔ اسے بدکردار، طوائف اور نہ جانے کن کن القابات سے نوازا گیا تھا۔ آخر اس کا صبر جواب دے گیا اور اس نے اپنی صفائی میں کچھ بولنا چاہا لیکن تایا جان نے ایک اور تھپڑ دے مارا کہ اب ہمارے سامنے زبان چلائے گی۔

تائی امی نے بھی کسر نہ چھوڑی اس کو اور اس کی امی کو برا بھلا کہنے میں۔ آج اس کی برداشت جواب دے گئی تھی۔ اس نے کسی طرح اس زلالت اور سوالوں بھری نظروں سے خود کو نکالنا چاہا۔ اسے بس اک ہی راستہ بہتر لگا اور اس نے وہی اپنا لیا۔ اس نے خودکشی کر لی۔ لوگوں کی سوالیہ نظروں نے اس کی زندگی نگل لی۔ اور ماں بیچاری جو پہلے ہی اتنا کچھ سہہ چکی تھی اپنی اکلوتی بیٹی کی خودکشی کا صدمہ برداشت نہ کر سکی اور پاگل ہو گئی۔

احباب! ہمارے معاشرے میں کتنی ہی لڑکیاں اور عورتیں ایسے ہی سوالیہ نظروں سے تنگ آ کر خودکشی کر لیتی ہیں۔ کوئی غلطی نہ ہونے کے باوجود جب انہیں شک کی نگاہ سے دیکھا جائے، ان کے کردار پر سوالیہ نشان لگا دیا جائے تو ان کو خودکشی بھی جائز لگنے لگتی ہے۔ پتہ نہیں ہماری معاشرے میں ہر غلطی کا الزام عورت پہ ہی کیوں آ جاتا ہے؟ کیوں ہمیشہ عورت کو ہی سوالیہ نظروں کا سامنا کرنا پڑتا ہے؟ کیوں عورت کے کردار کو ہی مشکوک ٹھہرایا جاتا ہے؟ کیا اس کی کوئی عزت نہیں ہوتی یا مردوں کا کوئی کردار نہیں ہوتا؟ مانتی ہوں کچھ عورتیں ہوں گی غلط مگر سب اک جیسی تو نہیں ہوتیں نا۔ خدارا ایسے اقدام نہ اٹھایئے کہ معصوم لڑکیاں بھی خودکشی پر مجبور ہو جائیں۔

لمحوں نے خطا کی، صدیوں نے سزا پائی

فلسطینی اپنے وطن کو چھوڑ کر نہیں جا رہے۔ یہ مرحلہ فلسطینیوں کی صیہونی استعمار کے خلاف 70 سالہ جدوجہد کا حاصل ہے۔ تیس سالہ غمارنہ جو سول انجینئر بھی ہے، مغربی کنارے کے ایک دیہات فرسان سے تعلق رکھتا ہے، غمارنہ اپنے خاندان کے ساتھ کئی برسوں سے ایک غار میں قیام پذیر ہے۔ غمارنہ کے خاندان نے کئی



مرتبہ کوشش کی کہ اپنا گھر تعمیر کر لیں لیکن اسرائیلی فوجی حکام انہیں اجازت دینے کو تیار نہیں۔ فرسان سے تعلق رکھنے والا تقریباً ہر خاندان اور بیشتر فلسطینی انہی مسائل اور حالات کا شکار ہیں۔ مغربی کنارے میں قیام پذیر یہ بدقسمت خاندان اسرائیل اور فلسطینی تنظیم الفتح کے درمیان 1995ء میں طے پانے والے "اوسلو معاہدے" کے تحت یہاں آباد ہوئے تھے لیکن ان کا اب کوئی پرسان حال نہیں۔ یہ علاقہ مغربی کنارے کے کل رقبہ کا 60 فیصد ہے، بے شمار قدرتی وسائل سے مالا مال ہے لیکن آبادی کے لحاظ سے بہت کم افراد پر مشتمل ہے۔ یہ سمجھنا زیادہ مشکل نہیں کہ کیوں اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو اس علاقے پر مکمل قبضہ چاہتا ہے۔ صیہونی استعمار کا آغاز سے ہی یہ منصوبہ رہا ہے کہ فلسطینیوں کو منتشر رکھا جائے، یعنی بہت بڑے رقبے پر بہت کم آبادی۔ نیتن یاہو کا یہ منصوبہ کچھ حصوں پر قانونی اور متنازع حیثیت کی وجہ سے موخر ہے، لیکن گزشتہ کئی برسوں سے اسرائیل نے مختلف طریقوں اور سازشوں سے فلسطینی آبادی پر قبضہ جاری رکھا ہوا ہے۔ اسرائیل کی توسیع پسندانہ اور ظالمانہ کارروائیوں میں مسلسل شدت آ رہی ہے۔ چند ماہ قبل اسرائیل نے مغربی کنارے میں 30 گھروں کو مسمار کر دیا ہے، اس شرمناک کارروائی کی وجہ سے 100 سے زیادہ افراد بے گھر ہو گئے ہیں۔ اقوام متحدہ کے ایک ادارے کے مطابق اس علاقے میں اسرائیلی افواج نے غیر رہائشی 33 عمارتوں کو بھی منہدم کر دیا ہے۔ بدقسمتی سے فرسان اور اس جیسے بہت سے علاقے اسرائیلیوں کے نشانے پر ہیں۔

200 افراد پر مشتمل ایک اور آبادی کو اسرائیلی فوج گزشتہ کئی برسوں سے ہراساں کر رہی ہے۔ اسرائیل کی خواہش ہے کہ مقبوضہ مغربی کنارے کے عین وسط میں یہودیوں کو لا کر آباد کر دے۔ 29 جولائی کو اسرائیلی افواج نے فرسان پر حملہ کیا اور یہاں کی آبادی کو ڈرا دھمکا کر ڈیملولیش آرڈر تھما دیا۔ فرسان کے ایک ذمہ دار شخص نے بتایا کہ آغاز ہی سے اسرائیل کا منصوبہ ہے کہ پوری مسلم آبادی کو ختم کر دے۔ غمارنہ کے خاندان کو بھی بے دخلی کا حکم نامہ دیا گیا ہے، جبکہ وہ تو کسی باقاعدہ گھر میں رہتے ہی نہیں، غار میں رہتے ہیں۔ غمارنہ کا کہنا تھا، اسرائیلی ہمیں غار میں رہنے سے کیوں کر روک سکتے ہیں۔ غار اور پہاڑوں میں رہنے والے جانوروں کو بھی ان کے مسکن سے محروم نہیں کیا جاتا۔ چلیں یہ ہمیں جانور ہی سمجھ کر غار میں رہنے دیں۔ غمارنہ کا یہ کہنا محض جذباتیت پر مبنی نہیں بلکہ ایک حقیقت ہے۔ اسرائیل اپنے اس منصوبے کیلئے تمام شاطرانہ اور ظالمانہ ہتھکنڈے استعمال کر رہا ہے تاکہ یہاں کے مسلمانوں کو زبردستی بے دخل کر دے۔ اسرائیل نے فلسطینیوں کی تعمیر وترقی کو روکنے کیلئے زمین کے ایک بڑے حصے کو از خود ریاستی زمین، سروے لینڈ، فائرنگ زون، نیشنل پارک کا درجہ دے دیا ہے۔ اسرائیل منظم انداز سے بتدریج اس منصوبے پر کام کر رہا ہے۔ اصل مقصد مقامی مسلمانوں سے زمین چھین کر یہاں یہودی آبادکاروں کو بسانا ہے۔ یہ محض اتفاق نہیں بلکہ اس سے پہلے نومبر 2017ء میں اسرائیل نے 180 فلسطینی علاقوں میں سے صرف 16 علاقوں کو ترقیاتی کاموں کی اجازت دی تھی۔ 2016ء سے 2018ء تک 1458 فلسطینیوں نے تعمیرات کیلئے درخواست جمع کروائی تھی لیکن ان میں سے صرف 21 کو اجازت دی گئی۔ اس غیر حقیقی اور جابرانہ پابندیوں کی وجہ سے فلسطینیوں کے پاس صرف یہی راستہ بچا ہے کہ وہ اجازت حاصل کیے بغیر تعمیرات شروع کر دیں۔ بہت سے خاندانوں کے اجازت نہ ملنے کی وجہ سے غمارنہ کی طرح متبادل طریقے کو اختیار کیا اور پہاڑوں اور غاروں کا رخ کیا۔ یہ صورتحال خاص طور پر نابلس اور الخلیل کے علاقوں کی ہے۔ نابلس کے مضافات میں واقع مغربی پہاڑوں میں جابجا خالی گھروں، منہدم مکانات اور نامکمل گھروں کو دیکھا جا سکتا ہے۔ یہ سارے مناظر اسرائیلی افواج اور فلسطینی مجاہدین کے درمیان جاری جنگ کی خبر دے رہے ہیں۔ غمارنہ اور اس طرح کے بے شمار خاندان جو استقامت اور عزیمت کے ساتھ حالات کا مقابلہ کر رہے ہیں، جنہوں نے تاریک غاروں کو اپنا مستقر بنا لیا ہے، انسانی برادری سے بنیادی انسانی حقوق اور انصاف کا تقاضا کر رہے ہیں۔

اسرائیلیوں اور فلسطینیوں کے درمیان پائے جانے والے تنازع یا قضیے کو کچھ لوگ سو سال پہلے کے بالفور ڈیکلیریشن سے جوڑتے ہیں۔ بعض کے نزدیک یہ اعلامیہ اچھا تھا اور بعض کے نزدیک بہت ہی برا۔ کچھ لوگ کہتے ہیں کہ 1947ء میں اسرائیل کے قیام کے اعلان نے معاملات کو خرابی کی منزل میں داخل کیا۔ غالب امکان یہ ہے کہ مستقبل میں جب ہم ماضی پر نظر دوڑائیں گے تو ٹرمپ کی طرف سے مقبوضہ بیت المقدس کو اسرائیل کا دارالحکومت تسلیم کرنے اور وہاں امریکی سفارت خانہ قائم کرنے کا اعلان ایک اہم ٹرننگ پوائنٹ دکھائی دے گا جو بعد ازاں عرب ملکوں کا اسرائیل کو تسلیم کرنے کا سبب بنا۔

ٹرمپ کے اعلان کا جائزہ لینے اور پھر اس کا تجزیہ کرنے سے قبل ہمیں دیکھنا ہوگا کہ اسرائیل اور فلسطین کے درمیان نفرت کا موجود دور، جو 30 سال قبل پیدا ہوا، دراصل کن حالات کی پیداوار ہے۔ 9 دسمبر 1987ء کو اسرائیل کی ایک فوجی جیپ نے غزہ کی پٹی میں چار فلسطینیوں کو کچل ڈالا تھا۔ تب فلسطینی اپنے علاقوں پر اسرائیل کے قبضے کے خلاف اٹھ کھڑے ہوئے تھے۔ بھرپور عوامی مزاحمتی تحریک نے جنم لیا جو کسی نہ کسی شکل میں اب تک جاری ہے۔

اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ یہ عوامی تحریک مجموعی طور پر غیر منظم ہونے کے باعث یہ اب تک مطلوبہ نتائج حاصل کرنے میں ناکام رہی ہے مگر فلسطینیوں کی اکثریت نے ثابت کیا ہے کہ انہیں اسرائیل سے شدید نفرت ہے اور وہ اپنے وطن کو آزاد کرائے بغیر کسی طور چین سے نہیں بیٹھیں گے۔ 1988ء میں تنظیم آزادیٔ فلسطین نے غیر معمولی ہمت کا مظاہرہ کرتے ہوئے الگ، آزاد فلسطینی ریاست کے قیام کا اعلان کیا اور اس منزل تک پہنچنے کیلئے جو کچھ بھی کرنا لازم ہو وہ کر گزرنے کا عزم ظاہر کیا۔ یہ بات البتہ قابل ذکر ہے کہ انتہائی جذباتی انداز سے کیے جانے والے اس اعلامیے میں تنظیم آزادیٔ فلسطین نے 1947ء میں گنوائی جانے والی زمینوں کے مقابلے میں صرف بیس فیصد ارض مقدس یعنی غزہ کی پٹی اور غرب اردن پر اکتفا کرتے ہوئے کسی بھی شکل میں فلسطینی ریاست قبول کرنے کا اعلان کیا۔

1987ء سے پہلے تک فلسطینیوں کی اکثریت آزادی کیلئے جو کچھ بھی کرتی تھی وہ انفرادی سطح پر کی جانے والی کوشش کے سوا کچھ نہ ہوتا تھا۔ 1987ء کی تحریک "انتفاضہ" نے پہلی بار فلسطینیوں کو حقیقت پسندی کی طرف مائل کیا لیکن اب جس تیزی سے اپنوں کے بے وفائی کی وجہ سے کے ساتھ حالات نے پلٹا کھایا تو لگتا ہے کہ "لمحوں نے خطا کی، صدیوں نے سزا پائی" کے مصداق خطے کے حالات ایک انتہائی خطرناک موڑ پر پہنچ چکے ہیں۔

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

کیا سیاسی عاصم کو بھی احتساب سے استثنیٰ قرار دیا جاتا

عمران خان کا ہر وعدہ جھوٹا نکلا۔ بلاول بھٹو

رضوان عبدالرحمٰن عبداللہ

کاروباری کمپنیوں اور جائیدادوں

شال — بقیہ 1

اتحاد متحدہ سے دراڑیں ڈالنے کے خواب بھی پورے نہیں ہونگے چور دروازے سے حکومت میں آنیوالے حکمرانوں کو اب جانا ہوگا عمران خان اور اسکی جعلی حکومت اب مزید نہیں چل سکتا جسٹس فائز عیسیٰ کیس کے عدالتی فیصلے کے بعد وہ آئینی اور اخلاقی طور پر اب اس منصب کے اہل نہیں رہے کوئٹہ جلسہ ہر صورت میں ہوگا، حکومت سیکورٹی فراہم نہیں کرسکتی تو گھر چلی جائے پی ڈی ایم کے جلسوں سے جعلی حکومت کے اوسان خطاء ہوگئے ہیں کوئٹہ جلسہ جعلی حکمرانوں کے خاتمے میں اہم اور سنگ میل ثابت ہوگا۔ دریں اثناء پی ڈی ایم میں شامل جماعتوں کا اجلاس ہفتہ کو جمعیت ضلع کوئٹہ کے نائب امیر مولانا عبدالاحد کی زیر صدارت کلی لعل آباد میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں شیر شیرانی یونٹ کے نائب امیر خطیب مولانا فضل الرحمن، نائب سیکرٹری مولوی نصر اللہ، مولوی عطاء محمد، حاجی سعد اللہ لہڑی، پشتونخوا میپ کے علاقائی سیکرٹری عبیداللہ لالا، سید عبدالخالق آغا، منظور احمد خان تارن، عبدالرشید لالا، جمعیت ضلعی شوریٰ کے رکن حاجی عبدالمالک بڑیچ، ابوبکر صدیق یونٹ کے جنرل سیکرٹری حافظ محمد ابراہیم، سیکرٹری اطلاعات عبدالخالق ذاکر، سالار حافظ عبدالغیاث محمد حسنی مولوی میر احمد لہڑی، بی این پی کے امین اللہ، حاجی خیر جان بنگلزئی، اے این پی کے علاقائی سیکرٹری عبدالستار بڑیچ اور علاقے کی تمام پارٹیوں سے تعلق رکھنے والے کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور اس عزم کا اعادہ کیا کہ ہمارا یہ مشترکہ سیاسی اور جمہوری جدوجہد صرف 25 تاریخ تک نہیں رہے گی بلکہ ہماری یہ جمہوری سیاسی عوامی جدوجہد اس وقت تک جاری رہے گی جب تک ملک خدا داد پاکستان سے مہنگائی بیروزگاری بدعنوانی اور سیاست میں اسٹیبلشمنٹ کی مداخلت کو ختم نہیں کریں گے۔ سربراہ پی ڈی ایم مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ کیپٹن صفدر واقعہ کو کامیڈی کہنے والے عمران نیازی اور اسکی حکومت خود کامیڈین ہیں آئی جی پولیس کو یرغمال بنایا جانا بھی کامیڈی ہے جسٹس فائز عیسیٰ کیس میں معزز عدالت کے فیصلے آنے کے بعد پہلے آئینی اور اب اخلاقی طور پر موجودہ صدر اس منصب کا اہل نہیں رہے، نواز شریف عدالتوں کا سامنا کررہے ہیں وہ عدالتوں سے بھاگنے والے نہیں پی ڈی ایم کے جلسوں سے حکومت کے اوسان خطا ہوگئے ہیں کوئٹہ جلسے ہر صورت میں ہوگا سیکورٹی فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے اگر وہ سیکورٹی فراہم نہیں کرسکتے تو گھر چلی جائے، پی ڈی ایم ایک مضبوط سیاسی احتجاج کا نام ہے۔

شال — بقیہ 2

نہیں ہے اور نہ ہی اظہار رائے کی آزادی ہے وفاقی اور صوبائی حکومتیں اپنی حرکتوں سے ثابت کررہی ہیں کہ جمہوریت اب بھی تہہ خانوں میں قید ہے انہوں نے کہا کہ جلسے کی انتظامیہ کو دھمکیاں دی جا رہی ہیں ساؤنڈ سسٹم سمیت دیگر سہولیات مہیا کرنے والوں کو بھی دھمکایا جارہا ہے حکومت انتظار کرے دل بڑا رکھ کر جلسے کو دیکھے جب جلسے کی آوزیں حکمرانوں کی کانوں میں گونجیں گی تب انہیں سیاسی جماعتوں کی قوت کا احساس ہوگا انہوں نے کہا کہ جب تک بلوچستان کا احساس محرومی ختم نہیں کیا جاتا اور یہاں کے لوگوں کو برابر کے شہری تصور تحفظ کا احساس نہیں دلایا جاتا اور مسنگ پرسنز بازیاب نہیں ہوتے یہاں جمہوریت بے معنی رہے گی انہوں نے کہا کہ جن تنظیموں کے ناموں سے ہمیں تھرٹ دیا جارہا ہے انکا ہم نے نہیں بلکہ حکمرانوں نے نقصان کیا ہے ہم اور وہ مظلوم ہیں اور لاشیں اٹھا رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ اسلام آباد میں حکومت نے ٹائیگر فورس اور وکلاء کے دو بڑے جلسے کئے کیا ان ٹائیگروں کو کورونا وائرس سے بچاؤ کی ویکسین لگائی گئی یہ پھر ان جلسوں میں کورونا نہیں پھیلتا ہم کورونا وائرس کے بچاؤ کی ہر ممکن تدابیر اختیار کریں گے انہوں نے کہا کہ حکومت ہمیں نہ ڈرائے بلوچستان میں ہم نے بہت دہشتگردی دیکھی ہے اگر حکومت کے اپنے دل میں ڈر ہے تو وہ اپنے پاس رکھے انہیں کام آئے گا انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان کا ترجمان کرائے کی کرسی کی طرح ہے انکی حیثیت ہر دور میں اس کرسی کی طرح ہے جو بعد میں کسی اور جگہ ہوگی انہوں نے کہا کہ قاضی فائز عیسیٰ ریفرنس کیس کے فیصلے سے عدلیہ پر اعتماد بحال ہوا ہے جن لوگوں نے یہ ریفرنس دائر کیا انہوں نے عدلیہ کی بے حرمتی کی عدلیہ کو بے توقیر کرنے والوں کے خلاف ایکشن لینا چاہیے۔

شال — بقیہ 3

(ن) کے مرکزی رہنما پرویز رشید، مصدق ملک محمد زبیر، مریم اورنگزیب، جاوید لطیف، کیپٹن (ر) صفدر، مرتضیٰ جاوید عباسی، مسلم لیگ (ن) کے صدر جنرل (ر) عبدالقادر بلوچ، جنرل سیکرٹری جمال شاہ کاکڑ، سابق اسپیکر راحیلہ حمید خان درانی، حنا پرویز بٹ، نصیر خان اچکزئی، امیر افضل مندوخیل، نسیم الرحمن ملاخیل اور دیگر بھی موجود تھے انہوں نے کہا کہ لوگوں کے گھروں کے چولہے بجھ گئے ہیں آج عوام پریشان ہیں کہ بچوں کو روٹی، بیمار افراد کو دوائی دیں یا بجلی گیس کے بل ادا کریں عوام کے پاس ایک کے بعد دوسری چیز کے پیسے نہیں ہوتے میاں نواز شریف نے جس جدوجہد کا آغاز کیا اس میں ابھی صرف گوجرانوالہ اور کراچی کے جلسے ہوئے اور حکومت کی بوکھلاہٹ کا یہ عالم ہے جبکہ کوئٹہ کے جلسے کے بعد جعلی اور سلیکٹڈ حکومت کے تھوڑے دن رہ جائیں گے عوام اور کارکن اپنے ارادے پختہ کریں نواز شریف نے عوام اور ووٹ کی عزت، حق حکمرانی، مہنگائی، جعلی حکومت اور وزیراعظم کی نالائقی سے آنے والی مشکلات کو ختم کرنے کی جدوجہد کا آغاز کردیا ہے جس کے بعد ملک میں جو جدوجہد شروع کی گئی ہے ہمیں امید ہے کہ عوام کے دلوں کے وزیراعظم نواز شریف واپس آکر اپنی ذمہ داریاں سنبھالیں گے عوام کو جعلی، نالائق حکومت سے جلد ہی نجات ملے گی۔

شال — بقیہ 4

ہیں اسے مکمل کارڈن آف کردیا گیا ہے انہوں نے کہا کہ جلسے کے سلسلے میں کوئٹہ شہر میں دفعہ 144 عائد کردی ہے اور موٹر سائیکل پر ڈبل سواری پر پابندی ہوگی اس کے علاوہ ہسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ کی گئی ہے ترجمان نے کہا کہ رکن قومی اسمبلی محسن داوڑ کے بلوچستان کے کسی بھی ضلع میں داخلے پر 90 روز کیلئے 29 جولائی 2020 کو پابندی عائد کی گئی تھی نوٹیفکیشن کے تحت محسن داوڑ کو ائیر پورٹ سے باہر جانے کی اجازت نہیں دی گئی۔

شال — بقیہ 5

ہے جو کہ حکومت کی ذمہ داری بنتی ہے تاہم نیکٹا تھریٹ جاری کرنے کا پی ڈی ایم سنجیدگی سے جائزہ لیکر جلسے کو ملتوی کرکے صوبے کی امن وامان خراب کرنے سے بچایا جائے کیونکہ نیکٹا نے بلوچستان میں دہشت گردی ہونے کا تھریٹ الرٹ جاری کردیا گیا ہے پی ڈی ایم بلوچستان کی قیادت سنجیدگی کا مظاہرہ کرکے 25 اکتوبر کو ہونے والا کوئٹہ جلسے کو ملتوی کرکے صوبے کے امن کو بچایا جائے صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ حکومت کی جانب سے جلسہ روکنے کیلئے کوئی رکاوٹ نہیں ڈالی جارہی ہیں اور نہ ہی کوئی سازش کررہی ہیں صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ پی ڈی ایم کو گیارہ مصالحوں والی مکس اچار پارٹی قرار دیتے ہوئے کہا کہ انتہائی تیکھے اور زہریلے مصالحوں نے پاکستانی معیشت کو السر زدہ کردیا تھا انہوں نے کہا کہ عوام ان پارٹیوں کے لیڈران کی کھربوں ڈالر کی کرپشن اور لوٹ مار کے خلاف آنے والے عدالتی فیصلوں پر انہیں کندھا فراہم نہیں کریں گے۔

شال — بقیہ 6

دیئے تھے ہماری تحریک بے روزگاری، غربت کے خاتمے کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کے عوام نے گوجرانوالہ میں اور سندھ کے عوام نے کراچی میں تاریخی سانحہ کارساز کی یاد میں منعقدہ جلسے میں اپنا فیصلہ سنا دیا اور آج کوئٹہ میں بلوچستان کے عوام بھی اپنا فیصلہ سنادیں گے۔ انہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنوں کو ہدایت کی کہ وہ ایم آر ڈی اور اے آر ڈی کی تحریکوں کی طرح پی ڈی ایم کی تحریک میں بھی بھرپور حصہ لیتے ہوئے آج کے کوئٹہ میں ہونے والے جلسہ عام میں بھرپور شرکت کو یقینی بنائیں۔

شال — بقیہ 7

والدین کا سامنا ہے اور نہیں ورکرز کو جان کے خطرات لاحق ہیں مگر ان تمام مشکلات اور خطرات کے باوجود ہمارے پولیو ورکرز پرعزم ہیں اور اس موذی مرض کے خلاف جنگ میں صف اول کا کردار ادا کررہے ہیں۔ صوبائی وزیر ظہور بلیدی کا کہنا تھا کہ وہ انسداد پولیو کے عالمی دن پر تمام پولیو ورکرز خصوصاً خواتین ورکرز کو سلام پیش کرتا ہوں جو گھر گھر جاکر پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا رہے ہیں تاکہ بلوچستان اور پاکستان کا مستقبل محفوظ ہوسکے۔

شال — بقیہ 8

لانگو، پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری سید اقبال شاہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا۔ عبدالرحیم زیارتوال نے کہا کہ ہماری جدوجہد حقیقی فیڈریشن، قوموں کی برابری کیلئے ہے، 18ویں ترمیم اور این ایف سی ایوارڈ کے خاتمے اور صدارتی نظام لانا آئینی خلاف ورزی ہے، یہ ملک اقوام کا ایک فیڈریشن ہے جس کو ہم نے اقوام کو برابری کی بنیاد پر حقوق دے کر فیڈریشن بنانا ہے، ہم بتانا چاہتے ہیں کہ زرعی پیداوار اور صنعتی پیداوار 50 فیصد گٹ گئی ہے جی ڈی پی منفی میں چلی گئی ہے حکومت ملی تو جی ڈی پی 8.5 اب منفی 4 تک جی ڈی پی چلی گئی ہے، مجموعی قومی پیداوار 90 فیصد قرضوں میں جارہا ہے، پاکستان کی تاریخ میں سب سے زیادہ قرضہ گزشتہ دو سالوں میں 11 ارب ڈالر لیا گیا ہے اخباری بیانات کے شہ سرخیوں سے مہنگائی ختم نہیں ہوسکتی۔

شال — بقیہ 9

سے جس قدر کھوکھلے، ڈرے ہوئے اور خوفزدہ ہیں جس کا اندازہ ان کے طرز حکمرانی سے باآسانی لگایا جاسکتا ہے حکومت کے پاس عوام کی فلاح وبہبود کا کوئی منصوبہ نہیں، احتساب کے نام پر سیاسی انتقام اور بے بنیاد جھوٹے مقدمات سے اپوزیشن کے رہنماؤں کیخلاف انتقامی کارروائیوں کے سے عوام کی توجہ اصل مسائل سے ہٹا رہے ہیں، حکومت کی عوام دشمن اقدامات سے نمٹنے کیلئے عوام دوست سیاسی جماعتوں نے پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے نام سے حزب اختلاف کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کیا ہے اور اسی پلیٹ فارم سے عوام کے حقوق کے حصول کی جدوجہد جاری ہے گجرانوالہ اور کراچی کے عظیم الشان عوامی اجتماعات کے بعد کوئٹہ کا عظیم الشان جلسہ اس بات کو ثابت کردے گا کہ تحریک انصاف کا مینڈیٹ جعلی تھا اور 2018 کے عام انتخابات میں انجینئرنگ کے ذریعے پی ٹی آئی کو عوام پر مسلط کیا گیا، انہوں نے کہا کہ پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا بدترین پابندیوں کا شکار ہے۔

شال — بقیہ 10

اور استقامت کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں، افغانستان میں امن عامہ کی صورتحال میں بہتری اور تشدد رویوں میں کمی کیلئے بین الافغان مذاکرات کا نتیجہ خیز ہونا نہایت ضروری ہے، پاکستان، بین الافغان مذاکرات میں افغان قیادت کی جانب سے کیے گئے فیصلوں کا احترام کریگا، پاکستان سے زیادہ کوئی ملک افغانستان میں دیرپا اور مستقل قیام امن کا خواہاں نہیں ہو سکتا۔ ہفتہ کو افغان ویسی جرگہ کے اسپیکر میر رحمان رحمانی کی قیادت میں افغان پارلیمانی وفد نے وزارت خارجہ میں وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی سے ملاقات کی جس میں دوطرفہ پارلیمانی وملکی تعلقات باہمی تجارت اور خطے کی معاشی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر خارجہ نے افغان پارلیمانی وفد کو وزارت خارجہ آمد پر خوش آمدید کہا۔ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ پاکستان، افغانستان کے ساتھ اپنے تاریخی دوستانہ اور برادرانہ تعلقات کو بڑی اہمیت دیتا ہے۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف کی حکومت، وزیر اعظم عمران خان کی قیادت میں افغانستان اور افغان عوام کیلئے ایک نئی اور مثبت سوچ رکھتی ہے، اسی لیے میں نے وزیر خارجہ کا منصب سنبھالنے کے بعد پہلا دورہ افغانستان کا کیا۔ مخدوم شاہ محمود قریشی نے کہا کہ میں چاہتا ہوں کہ آپ میری طرف سے دس نکاتی واضح پیغام افغانستان کی پارلیمنٹ کو دیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم واضح کرنا چاہتے ہیں۔

شال — بقیہ 11

اس موذی مرض کا خاتمہ کریں، بچوں کے محفوظ مستقبل سے ہی ہم ایک بہترین معاشرہ تشکیل دے سکتے ہیں، انہوں نے کہا کہ دنیا کے کئی ممالک نے پولیو جیسے موذی مرض کو بھرپور محنت اور کوششوں کے ساتھ ختم کیا ہے پاکستان اور پڑوسی ملک افغانستان میں پولیو کے وائرس آج بھی موجود ہیں ہمارے ملک میں اس وائرس کی موجودگی کے باعث موذی مرض کے بڑھنے کا خدشہ ہے پولیو کا خاتمہ ناممکن نہیں البتہ مشکل ضرور ہے جس کیلئے ہم سب کو ملکر کردار ادا کرنا ہوگا یہ ہماری خوش قسمتی ہے کہ پولیو مہم کے دوران حکومت، سول سوسائٹی، کمیونٹی، پولیو ورکرز، علمائے کرام اور میڈیا اہم کردار ادا کررہے ہیں تمام مکاتب فکر کے یکجا ہونے کی وجہ سے کسی حد تک اس بیماری پر قابو پانے میں ہم کامیاب ہورہے ہیں۔

شال — بقیہ 12

کے جلسوں اور دھرنوں میں الزام تراشیاں اور سبز باغ دعوے کہانیاں سنانے کے علاوہ ان کے پاس اور کوئی ایجنڈا نہیں ملک وقوم کو بحرانوں کے دلدل سے نکلنے کا پلان کسی کے پاس نہیں ملک اس وقت انتہائی نازک موڑ پر ہے غیر سنجیدگی اور غیر آئینی اقدامات سے ملک مشکلات ومسائل کی دلدل میں مزید دھنستے چلے جائینگے پی ڈی ایم کے نام نہاد جماعتیں قوم کو ایک سراب کے پیچھے لگانے کی کوشش کررہے ہیں پی ڈی ایم کی کشتی کرپٹ مافیاز، سوداگروں، موروثی سیاست دانوں اور بھگوڑوں سے بھرے پڑے ہوئے۔ یہ ملک میں انقلاب نہیں افراتفری پھیلانا چاہتے ہیں، جبکہ ملک

شال — بقیہ 13

خان ترین، پی اے پی کے مرکزی رہنماؤں چیف آف عبدالائی ملک اسرار الحق عبدالائی، چیف آف خدرانی ملک مہر اللہ خان ترین، عبدالروف درانی، حاجی معتبر خان ترین، عبدالباقی ترین ودیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں شاہرگ کے علاقے جالاوان میں کوئلہ کانوں میں کام کرنے والے بے گناہ اور معصوم مزدوروں کو آئی ڈی بلاسٹ کے ذریعے نشانہ بنانے کے واقعہ پر شدید دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے انہوں نے آئی جی ایف سی بلوچستان، وزیر داخلہ بلوچستان سے حملے میں ملوث عناصر کے خلاف سخت ایکشن لینے اور ضلع ہرنائی کے امن وامان کو برقرار رکھنے عوام کی جان ومال کو تحفظ فراہم کرنے کیلئے سیکورٹی کے فل پروف انتظامات کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

شال — بقیہ 14

الحدیث مولانا نیاز محمد، مولانا خدائے نظر، حاجی داد محمد، مولانا محمد ابراہیم، مولوی رحمت اللہ حقانی نے کہا کہ آج ہونیوالی شہداء اسلام کانفرنس کی تمام ترتیاریاں اور انتظامات مکمل ہوچکی ہے آج ہونیوالی شہداء اسلام کانفرنس سے مرکزی اور صوبائی قائدین خطاب فرمائیں گے کانفرنس کے لئے تشہیر اور خیر مقدمی بینرز اور جھنڈے لگایا گیا انشاء اللہ شہداء اسلام کانفرنس کے کامیابی سے ملک کی سیاست پر دوررس اور گہرے نتائج مرتب ہوں گے ملکی سیاست اور مستقبل کے رخ کو متعین کرنے میں نمایاں کردار ادا کرے گا انہوں نے کہا کہ کفری کی قوتیں تمام ہتھکنڈے اور حربے اسلام کے خلاف استعمال کئے جارہے ہیں ان حالات میں حوصلہ نہیں ہارنا چاہئے آزاد اور زندہ قومیں اپنے نظریات اور اپنے اکابرین کے مشن کی حفاظت کرتے ہیں جماعت کے ہر ورکرز کی سوچ گفتار وکردار اور نصب العین رضائے الٰہی کا حصول اور فلاح اخروی ہونا ہے مخلصانہ کوشش تقاضائے ایمانی اور جماعت کی بقا کی ضمانت ہے اور بنیادی اصولوں اور طے شدہ نصب العین سے انحراف تباہی ہے انہوں نے کہا کہ ملک میں اسلامی سیاست کے لیموشر کردار ادا کرنا ہے۔

شال — بقیہ 15

نامعلوم افراد کی فائرنگ سے یاسین نامی شخص زخمی ہوگیا پولیس نے زخمی کو طبی امداد کیلئے فوری طور پر ہسپتال منتقل کردیا مزید کارروائی جاری ہے۔

شال — بقیہ 16

بند رہے گی۔ اور پیر 22 فروری 2021 سے عدالت عالیہ دوبارہ کھلے گی۔ اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ سردیوں کی تعطیلات کے دوران معزز ججز ڈویژن بنچ ارجنٹ کیسز کی سماعت کریں گے۔ اسی طرح اتوار اور عام تعطیلات کے علاوہ چیفسٹرز روزانہ کی بنیاد پر وصول کی جائیگی۔ اور اس طرح کی وہ تمام درخواستیں اور دیگر متفرق درخواستیں جن کو ایک ہی وقت میں نمٹایا نہیں جاسکتا کو سردیوں کی تعطیلات کے بعد مقرر کردہ تاریخوں کے دوران سنا جائے گا۔ سردیوں کی تعطیلات کے دوران پیر تا جمعرات اور ہفتہ دفتری اوقات 00:9 بجے تا 00:1 بجے رہیں گے۔ بروز جمعہ دفتری اوقات صبح 9 بجے سے دوپہر 12 بجے تک ہوں گے۔ اسی طرح پیر تا جمعرات اور ہفتہ عدالتی اوقات ساڑھے نو بجے تا دوپہر بارہ بجے تک ہونگے۔ بروز جمعہ عدالتی اوقات ساڑھے نو تا ساڑھے گیارہ بجے تک ہونگے۔

شال — بقیہ 17

تسخیر بنانے کے لئے کوشاں ہے۔ ان خیالات کا اظہار سربراہ پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل مجاہد انور خان نے نیشنل یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی میں طلبہ اور اساتذہ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سربراہ پاک فضائیہ کی یونیورسٹی آمد پر ریکٹر نسٹ لیفٹیننٹ جنرل (ر) نوید زمان نے ان کا استقبال کیا۔ یونیورسٹی کے جناح آڈیٹوریم میں طلبہ اور اساتذہ سے خطاب کے دوران ایئر چیف نے کہا کہ پاکستان کو دشمن کی جانب سے ففتھ جنریشن اور ہائبرڈ وار فیئر کے تناظر میں گھمبیر مسائل درپیش ہیں۔ سربراہ پاک فضائیہ نے کہا کہ ہر شعبے بالخصوص ملکی دفاع میں خود انحصاری کے حصول کو یقینی بنانے کے لئے ہمیں ٹیکنالوجی اور مقامی طور پر تیار کردہ منصوبوں کو فروغ دینا چاہئے۔ انہوں نے طلبہ پر زور دیا کہ وہ اپنے اہداف پر پوری توجہ مرکوز رکھیں اور پاکستان کو ترقی کی شاہراہ پر گامزن کرنے میں اپنا کردار ادا کریں۔ ائیر چیف نے ملکی ترقی کے لئے نہایت ضروری سائنس اور ٹیکنالوجی کے میدان میں کی جانے والی نسٹ کی خدمات کو بھی سراہا۔ طلبہ اور اساتذہ کی ایک بڑی تعداد سربراہ پاک فضائیہ کا خطاب سننے کے لئے موجود تھی جس کے اختتام پر ائیر چیف نے حاضرین کی جانب سے پوچھے گئے سوالات کا جواب دیا۔

شال — بقیہ 18

رپورٹر علی عمران کی بازیابی کیلئے بھرپور کاوش اور تمام وسائل بروئے کار لائے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت اور پولیس جیو نیوز کے رپورٹر علی عمران کی بازیابی کیلئے بھرپور کاوش اور تمام وسائل بروئے کار لائے اس ضمن میں تمام متعلقہ وفاقی اداروں کو سندھ حکومت سے تعاون کی ہدایات کردی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صحافیوں کا تحفظ ہماری ذمہ داری ہے۔

شال — بقیہ 19

اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ عمران صاحب اگر قانون کا اطلاق برابر ہوتا تو آٹا چینی چور وزیراعظم نہ ہوتا، عمران صاحب قانون کا اطلاق مشرف، علیمہ باجی، جہانگیر ترین، عمران خان سے شروع کیوں نہیں ہوتا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ عمران صاحب قانون کا اطلاق برابر ہوتا تو آپ کی پوری کی پوری کرپٹ اور آٹا چینی چور کابینہ جیل میں ہوتی شہباز شریف نہیں۔ انہوں نے کہا کہ عمران صاحب قانون کا اطلاق برابر ہوتا تو 23 فارن فنڈنگ اکاؤنٹس کیس میں پاکستان تحریک انصاف پہ پابندی لگ چکی ہوتی۔ انہوں نے کہا کہ عمران صاحب قانون کا اطلاق برابر ہوتا تو بی آر ٹی میں سٹے آرڈر کے پیچھے نہ چھپے ہوتے؟۔ انہوں نے کہا کہ عمران صاحب قانون کا اطلاق برابر ہوتا تو مالم جبہ اور بیلی کاپٹر کیس، کیس میں آپ کو سزا ہوچکی ہوتی۔ انہوں نے کہا کہ عمران صاحب قاسم اور سلیمان کا لندن کا اپارٹمنٹ قوم کو بتائیں اور بتائیں آپ نے اپنے دماغ کا علاج کہاں سے کروانا ہے۔

شال — بقیہ 20

نے وزیراعظم کو جیو نیوز کے صحافی علی عمران سید کی گمشدگی سے متعلق آگاہ کیا وزیراعظم عمران خان نے وزارت داخلہ کو ہدایت کی کہ وہ سندھ حکام کے ساتھ رابطے میں رہیں اور لاپتہ صحافی کی بازیابی میں مدد فراہم کریں۔ وزیراعظم نے وزارت داخلہ کو تمام صحافیوں کا ہر قیمت پر تحفظ یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی۔

شال — بقیہ 21

مین کوئیٹہ صفدر کی فوٹیج بنوانے کے لئے کرائے پہ لایا گیا تھا اس کے پاس تمام فوٹیج موجود ہے عوام کو دکھایا جائے ان کا سیاہ چہرہ۔ انہوں نے کہا کہ شرم آنے کی بجائے ڈھیٹائی سے اپنے سیاہ فعل اور چہروں پہ پردہ ڈالنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی ترجمان عمران صاحب کے صدارتی منصب کو عدلیہ کے خلاف سازش کے لیے استعمال کرنے پہ جواب دیں۔ انہوں نے کہا کہ روٹی 2 سے 30 روپے کی ہوگئی، عمران صاحب اور کرائے کے ترجمان اس پر پریس کانفرنس کریں۔ انہوں نے کہا کہ بجلی گیس کے بل بڑھ گئے، عمران صاحب اور کرائے کے ترجمان اس پر پریس کانفرنس کریں، دوائی کی قیمتوں میں 800 فیصد اضافہ ہوچکا ہے، جھوٹے ترجمان اس پر پریس کانفرنس کریں۔ انہوں نے کہا کہ چینی 50 روپے سے 110 روپے کلو ہوگئی، عمران صاحب اور کرائے کے ترجمان اس پر پریس کانفرنس کریں، آٹا 25 سے 75 روپے کلو ہوگیا، عمران صاحب اور کرائے کے ترجمان اس پر پریس کانفرنس کریں۔ انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ نے عدلیہ پر حملے کی سازش بے نقاب کردی، عمران صاحب سلیکٹڈ ٹولے کے ہمراہ پریس کانفرنس کرکے استعفے کا اعلان کریں۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری خرچ پر مریم نواز، مریم نواز کی گردان پڑھنے کے بجائے آٹا چینی دوائی روزگار کا قوم کو جواب دیں، عمران صاحب اور کرائے کے جھوٹے ترجمان علی عمران سید کا پتہ بتائیں جس نے کراچی ہوٹل پر دھاوے کی فوج قوم کو دکھائی۔ انہوں نے کہا کہ عمران صاحب اور کرائے کے ترجمانوں کے جھوٹ کی چیخ وپکار قوم نہیں سننا چاہتی، قوم بس اب ان کا استعفیٰ چاہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نالائق، جھوٹے آٹا چینی دوائی چوروں کے جیل جانے کا وقت ہوا چاہتا ہے، فارن فنڈنگ کے ذریعے پاکستان کے خلاف سازش کرنے والوں کے حساب کا وقت ہوا چاہتا ہے۔

شال — بقیہ 22

سے ہم عثمان بزدار کے ساتھ مل کر منصوبہ بنا رہے ہیں، ضلع میں نمل یونیورسٹی بنا رہے ہیں جو زراعت پر ریسرچ کرکے پورے پاکستان کی مدد کریگی۔ ہفتہ کو وزیراعظم عمران خان نے میانوالی کا دورہ کیا اور کیڈٹ کالج عیسیٰ خیل کے ہاسٹل کا افتتاح اور عیسیٰ خیل میں ترقیاتی منصوبوں کا سنگ بنیاد رکھا۔ بعد ازاں وزیراعظم نے کیڈٹ کالج کے طلبا سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم نے کہا کہ 24 سال پہلے اس علاقے میں پھرتا رہا ہوں اور مجھے معلوم ہے کہ اس علاقے کا ایک ہی مسئلہ تھا جو پانی کا تھا۔ انہوں نے کہا کہ آج جو ہم نے سوا تین ارب کی اسکیم کا اعلان کیا ہے، جس میں سوائے دو یونین کونسل کے ساری یونین کونسل کو پانی ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس علاقے میں اسکولوں کا مسئلہ بہت بڑا تھا کیونکہ لڑکیوں کے اسکول ٹیچرز ہی نہیں تھے، اس وجہ سے نہ یہاں نرس ملتی تھی، نہ لیڈی ڈاکٹرز ملتی تھیں، نہ ٹیچرز ملتی تھیں۔ انہوں نے کہا کہ یہاں جو پانی کا سب سے بڑا مسئلہ ہے وہ حل ہوجائیگا جبکہ لڑکیوں کے اسکول میں ٹیچرز کی دستیابی یقینی بنانے کے حوالے سے ہم عثمان بزدار کے ساتھ مل کر منصوبہ بنا رہے ہیں کہ کس طرح بچیوں کے اسکول میں ٹیچرز لانی ہیں اور بنیادی صحت کے مراکز کے ذریعے صحت کی ضروریات بھی پوری کرنی ہیں۔ عمران خان نے کہا کہ بہت سارے لوگ مجھ سے سوال پوچھتے ہیں۔

شال — بقیہ 23

جرگہ کے اسپیکر میر رحمن رحمانی کی قیادت میں پاکستان کا دورہ کرنے والے 17 رکنی افغان پارلیمانی وفد کے اعزاز میں چیئرمین سینیٹ کی طرف سے دیئے گئے ظہرانہ کے دوران خطاب کرتے ہوئے کیا۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پاک افغان تعلقات مشترکہ تاریخی، ثقافتی اور مذہبی مماثلتوں پر مشتمل ہیں۔ پر امن اور خوشحال افغانستان پاکستان کے وسیع تر قومی مفاد میں ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے دونوں ممالک کے مابین باہمی تعاون کو اقتصادی و پارلیمانی روابط کے ذریعے مستحکم کرنے کے عزم پر زور دیتے ہوئے کہا کہ وفود کے تبادلوں سے تعلقات کو مزید بہتر کیا جا سکتا ہے پاکستان نے ہمیشہ افغان امن عمل کی حمایت کی ہے اور افغانستان کے ساتھ مضبوط اور موثر پارٹنرشپ کے خواہاں ہے۔ ظہرانہ میں افغان پارلیمانی وفد کے علاوہ ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی قاسم خان سوری سینیٹرز سجاد حسین طوری، محمد جاوید عباسی سینیٹر لیفٹیننٹ ریٹائرڈ عبدالقیوم ہلال امتیاز ملٹری، سراج الحق، دلاور خان، مشاہد حسین سید، روبینہ خالد اور تاج محمد آفریدی نے بھی شرکت کی۔

شال — بقیہ 24

کو کھیرے میں لے سکتی ہے، چونکہ دنیا میں اب کوئی ایک سپر پاور نہیں رہی، وقت آگیا ہے کہ اقوام متحدہ تنازعات پر خاموشی توڑ دے اور تنازعات کے حل کے لئے اقدامات کرے۔ اگر اقوام متحدہ کی جانب سے حل کی فراہمی ناکام رہی تو اس کی تقدیر لیگ آف نیشنس سے مختلف نہیں ہوگی اور لیگ آف نیشنز کی ناکامی ہی عالمی جنگ کا باعث بنی تھی۔ انہوں نے کہا کہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اقوام متحدہ اپنے اصل مقصد کو بھول چکا ہے جس مقصد کے حصول کی خاطر اس کی بنیاد رکھی گئی تھی۔ آفریدی نے کہا کہ پاکستان کی طرف سے امن جی خاطر سب سے زیادہ جدوجہد ہوئی، ہمیں انسانیت کا مسیحا کہا گیا، پاکستان دوسری جنگ عظیم اور سرد جنگ کے دوران متعدد ممالک کے مابین کامیاب ڈائیلاگ کرتا رہا۔ انہوں نے کہا کہ اب اقوام متحدہ کو یہ سمجھنا ہوگا کہ انسانیت کا اصل دشمن کون ہے، ایف اے ٹی ایف عالمی امن کو برقرار رکھنے میں پاکستان کی شراکت کو کیوں فراموش کررہا ہے۔

شال — بقیہ 25

کیا جبکہ باقی 6 نکات پر پاکستان کی جزوی کوششوں کو بھی تسلیم کیا گیا۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ہم نے اپنے اقدامات سے پاکستان کو دنیا میں مہذب اور ذمہ دار ملک کے طور پر متعارف کرایا ہے۔ ایف اے ٹی ایف کے ایکشن پلان کے 27 نکات میں سے 21 پر ایک سال میں عملدرآمد کرنا بڑی کامیابی ہے، پاکستان کے ایف اے ٹی ایف بلیک لسٹ میں جانے کے تمام خدشات ختم ہوگئے، باقی ماندہ 6 نکات پر بھی پاکستان کو آسانیاں دینے کی بات کی گئی، ایف اے ٹی ایف کا جائزہ اجلاس آئندہ سال کے وسط میں ہوگا جس میں دوبارہ پاکستان کے اقدامات کا جائزہ لیا جائے گا۔

شال — بقیہ 26

جلسہ کر کے دکھائیں۔ حیدرآباد میں خطاب اور میڈیا سے بات چیت کے دوران انہوں نے کہا کہ وہ لندن میں بیٹھ کر آرمی چیف سے پوچھتے ہیں کہ اس بات کا جواب دینا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ نواز شریف سزا یافتہ قیدی ہیں، آپ اشتہاری ہیں، آپ ڈر کر بیرون ملک فرار ہوئے اور چھپ کر لندن میں بیٹھ گئے ہیں۔ انہوں نے کیپٹن (ر) صفدر کے حوالے سے کہا کہ یہ قوم اتنی بے ضمیر نہیں ہوئی کہ دو ٹکے کا سیاسی آدمی قائداعظم کی قبر پر چھلانگیں لگائے اور نعرے بازی کرے اور قوم اس کو معاف کردے۔

شال — بقیہ 27

حب کے علاقے پیر کس روڈ پر پیش آیا جس می

جلسے سے صوبے میں کورونا وائرس کے پھیلنے کا خطرہ موجود ہیں، چیف سیکرٹری بلوچستان

صوبائی حکومت صوبے میں امن وامان کی صورتحال اور عوام کی جان ومال کے تحفظ کیلئے موثر اقدامات اٹھا رہی ہے، کیپٹن (ر) فضیل اصغر

جلسے سے صوبے میں کورونا وائرس کے پھیلنے کا خطرہ موجود ہیں تو اس سلسلے میں صوبائی حکومت کی طرف سے جلسے میں آنے والوں کیلئے ماسک اور سینیٹائزر فراہم کی جائیگی

تربت، کمشنر مکران طارق قمر بلوچ پولیو کے حوالے سے ڈویژنل ٹاسک فورس کے اہلکاروں کے ساتھ میٹنگ کر رہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) چیف سیکرٹری بلوچستان کیپٹن (ر) فضیل اصغر کی زیر صدارت آج ہونے والے اپوزیشن کے جلسے کی سیکیورٹی اور مجموعی امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنے سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں امن وامان کی مجموعی صورتحال کو بہتر بنانے، پی ڈی ایم کے 25 اکتوبر کو ہونے والے جلسے کے لیے سیکیورٹی پلان کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حافظ عبدالباسط، آئی جی پولیس محسن حسن بٹ، کمشنر کوئٹہ ڈویژن اسفندیار کاکڑ اور حساس اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ چیف سیکرٹری نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت صوبے میں امن وامان کی صورتحال اور عوام کی جان ومال کے تحفظ کیلئے موثر اقدامات اٹھا رہی ہے۔ انہوں نے امن وامان کی فضا کو برقرار رکھنے کیلئے تمام ضروری اقدامات کی بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

راحیلہ حمید خان درانی کا کوئٹہ ائرپورٹ پر مریم نواز شریف کا استقبال اور پھولوں کا گلدستہ پیش کیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ ن کی مرکزی نائب صدر اور سابق اسپیکر بلوچستان اسمبلی مس راحیلہ حمید خان درانی کا کوئٹہ ائرپورٹ پر مریم نواز شریف کا استقبال اور پھولوں کا گلدستہ پیش کیا گیا بعد ازاں بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

موجودہ نااہل اور سلیکٹڈ حکمرانوں نے عوام سے جینے کا حق بھی چھین لیا ہے

مہنگائی اور بے روزگاری کے ہاتھوں عوام خودکشیاں کرنے پر مجبور ہیں

حکمران اپنی عیاشیوں میں مصروف ہے، پاکستان پیپلز پارٹی کوئٹہ سٹی کے صدر نورالدین کاکڑ

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کوئٹہ سٹی کے صدر نورالدین کاکڑ کی قیادت میں ہنہ کوپی ڈی ایم کے جلسے کی مناسبت سے سرکی روڈ سے ایک موٹر سائیکل اور گاڑیوں کی ریلی نکالی گئی جو سیٹلائٹ ٹاؤن، پشتون آباد، کچرہ روڈ، میکانگی روڈ، جناح روڈ، کواری روڈ سے ہوتی ہوئی واپس پیپلز پارٹی کوئٹہ کے دفتر پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی جہاں ریلی کے شرکاء سے نورالدین کاکڑ، سید اکبر شاہ، اختر شاہ مندوخیل نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ نااہل اور سلیکٹڈ حکمرانوں نے عوام سے جینے بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

ملک کے اندر ایک شہری کیلئے ایک اور دوسرے شہری کیلئے دوسرا قانون رائج ہے، لشکری رئیسانی

بلوچستان کے لوگ صوبے کی روایات کی توہین کرنے والے حکمرانوں اور ان کے اتحادیوں سے لاتعلقی کا اظہار کریں

سیاسی مخبروں کی حکومت نے مہمان کا احترام نہ کرکے صوبے کے اجتماعی قومی راویات میں خیانت کی ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے رکن قومی اسمبلی محسن داوڑ کی کوئٹہ میں داخلے پر عائد پابندی کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ سیاسی مخبروں کی حکومت نے مہمان کا احترام نہ کرکے صوبے کے اجتماعی قومی راویات میں خیانت کی ہے بلوچستان کے لوگ صوبے کی روایات کی توہین کرنے والے حکمرانوں اور ان کے اتحادیوں سے لاتعلقی کا اظہار کریں، اپنے مذمتی بیان میں نوابزادہ حاجی بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

لاہور، ایک محنت کش گودام میں بوریاں جھاڑ رہا ہے

سرکاری ملازمین دفتروں میں اپنی حاضری یقینی بنائیں، فیاض علی

گھروں میں بیٹھے آفیسران اور اسٹاف کو تنخواہ نہیں دے سکتے، ڈپٹی کمشنر لورالائی

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) فیاض علی نے کہا ہے کہ سرکاری ملازمین دفتروں میں اپنی حاضری یقینی بنائیں گھروں میں بیٹھے آفیسران اور اسٹاف کو تنخواہ نہیں دے سکتے سرکاری ملازمین اپنی حاضری کو یقینی بنائیں یا ملازمت چھوڑ دیں غیر حاضر اسٹاف کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے اچانک سوشل ویلفیئر کے ڈویژنل ڈائریکٹ کے دورے کے دوران کیا اس موقع ڈویژنل ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر محمد اشرف گچکی سپریڈنٹ مجاہد اقبال اور سوشل ویلفیئر آفیسر سید میر احسان شیخ بھی موجود تھے اس موقع ڈویژنل ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر محمد اشرف گچکی نے ڈپٹی بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

حکومتی عدم توجہی کی وجہ معاشرے کے معذور افراد دو وقت کی روٹی کو ترس رہے ہیں، خالد حسین کھوسہ

معذور افراد سے کسی قسم کی کوئی مدد نہیں کی جارہی ہے زکوٰۃ کے پیسے بھی معذور لاچار لوگوں کو نہیں دیئے جارہے ہیں

صحبت پور (این این آئی) تنظیم ہمدرد معذوران ضلع صحبت پور کی جانب سے انگلو ہوٹل صحبت پور ایک تقریب منعقد کی گئی۔ جس میں ضلع بھر کے معذوروں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر ہمدرد معذوران کے ضلعی صدر خالد حسین کھوسہ نے اپنی مدد آپ کے تحت متعدد معذوروں کیساتھ مالی تعاون کیا۔ اس موقع پر تقریب سے ہمدرد معذوران کے صدر خالد حسین کھوسہ، جنرل سیکرٹری سومر خان ماہجی، نائب صدر نکری سونا خان بروہی ودیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس نامصائب اور کمر توڑ مہنگائی نے جہاں عام لوگوں کی زندگی اجیرن بنادی وہاں معذور افراد بھی قسم پرسی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہوگئے ہیں۔

ایس ایچ او اوتھل ملک عبدالجبار رونجھو کی کاروائی

اوتھل (نامہ نگار) ایس ایچ او اوتھل ملک عبدالجبار رونجھو کی کاروائی اوتھل سے چوری شدہ بکریاں لاکھڑا کے علاقے اوڈکی سے برآمد کرکے چور کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق عبدالحمید زہری نامی شخص نے اوتھل تھانہ رپورٹ درج کرائی کہ اس کی 15 بکریاں چوری ہوگئی ہیں۔ جس پر ایس ایچ او اوتھل ملک عبدالجبار رونجھو نے پولیس ٹیم کے ہمراہ لاکھڑا کے علاقے اوڈکی کامیاب بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

ہر قوم کی طرح تھہیم قوم کو بھی آپس میں اتحاد واتفاق سے رہنا چاہیئے، محمد عالم تھہیم

ماہجی پور (نامہ نگار) ماہجی پور کی تھہیم برادری جو کے محمد عالم تھہیم کے حمایتی ہیں ان کا ایک اجلاس زیر صدارت آل پاکستان تھہیم اتحاد بلوچستان کے چیف کوارڈینیٹر وسماجی رہنما محمد عالم تھہیم ہوا اجلاس کے آغاز سے پہلے تلاوت کلام پاک مولوی امان اللہ تھہیم نے جبکہ نعت رسول مقبول ﷺ کی سعادت محمد نواز تھہیم نے حاصل کی بعد ازاں بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

ڈسٹرکٹ اکاؤنٹ آفیسر ضلع صحبت پور نان جوڈیشنل اسٹیمپ پیپرز کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات کریں، محمد افضل تھہیم

ماہجی پور (نامہ نگار) سابق ڈسٹرکٹ کونسلر دلمراد تھہیم، محمد افضل تھہیم، فائق علی تھہیم دیگر نے کہا ہے کہ صحبت پور میں اسٹیمپ پیپرز کی عدم دستیابی سے سائلین کو پریشانی ڈسٹرکٹ اکاؤنٹ آفیس میں نان جوڈیشنل اسٹیمپ پیپرز دستیاب نہیں، بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

عشق رسول ﷺ کے بغیر کوئی مسلمان کامل مومن نہیں بن سکتا، علامہ داد محمد فریادی

محافل میلاد عشق رسول ﷺ اجاگر کرنے کا اہم ذریعہ ہیں، اتحاد اہلسنت پاکستان

کوئٹہ (آن لائن) اتحاد اہلسنت پاکستان کے سربراہ علامہ داد محمد فریادی نے عشق مصطفی ﷺ واولیاء کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عشق رسول ﷺ کے بغیر کوئی مسلمان کامل مومن نہیں بن سکتا محافل میلاد عشق رسول ﷺ اجاگر کرنے کا اہم ذریعہ ہیں روحانی تسکین کے حصول کیلئے عوام محافل میلاد میں بڑھ چڑھ کر شرکت کریں عشق رسول ﷺ عالم اسلام کیلئے سرمایہ حیات اور باعث نجات ہے عشق رسول ﷺ کے فروغ اور اولیائے کرام کی تعلیمات کو عام کرنے کیلئے کوشاں ہیں بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

اپوزیشن اور پی ڈی ایم کا کوئی واضح ایجنڈا اور نظریہ نہیں، بابر یوسفزئی

پاکستان کی عوام کو ورغلانے کے لیئے تمام چور ڈاکو کوئٹہ میں اکھٹے ہوگئے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے رہنما، سابقہ ترجمان بابر یوسفزئی نے کہا ہے کہ کل پاکستان ڈاکو موومنٹ کرونا ایس او پیز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی سیکیورٹی تھریٹ کو نظر انداز کرکے کل کوئٹہ میں سرکس لگائیں گی اپوزیشن اور پی ڈی ایم کا کوئی واضح ایجنڈا اور نظریہ نہیں پاکستان کی عوام کو ورغلانے کے لیئے تمام چور ڈاکو کوئٹہ میں اکھٹے ہوگئے ہیں لیکن بلوچستان بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

مسلم لیگ (ن) نے جمہوریت کیلئے ہمیشہ قربانیاں دیں، نصیر خان ترین

پی ڈی ایم کا آج جلسہ نئی تاریخ رقم کرے گا، ترجمان مسلم لیگ (ن) کوئٹہ سٹی

کوئٹہ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کوئٹہ سٹی کے ترجمان نصیر خان ترین، سابق کونسلر اللہ داد، اکرم پاشا، شاکر محمد حسنی سمیت دیگر نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم کا آج کا جلسہ صوبے کی سیاست میں نئی تاریخ رقم کرے گا انہوں نے مریم نواز اور دیگر مسلم لیگی رہنماؤں کو کوئٹہ آمد پر خوش آمدید کرتے ہوئے کہا کہ مسلم لیگ نے ملک میں جمہوریت کی بحالی واستحکام کیلئے ہر دور میں لازوال قربانیاں دی ہیں انہوں نے کہا کہ موجودہ حکمرانوں نے ملک کا بیڑہ غرق کردیا ملکی معیشت بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

عالمی یوم پولیو کے حوالے سے پولیو ہیرو کے عنوان سے ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا

چمن (خ ن) عالمی یوم پولیو کے حوالے سے پولیو ہیرو کے عنوان سے ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں فرنٹ لائن ورکرز اور دیگر بااثر شخصیات میں شیلڈ اور تعریفی سرٹیفکیٹ دیئے گئے اس موقع پر پولیو کے باعث عمر بھر کیلئے معذور ہونے والے بچوں میں وہیل چیئر بھی تقسیم کئے بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

ملک نواز شریف اور اتحادیوں کے بغیر کوئی بھی نہیں چلا سکتا، سید عبدالقیوم آغا

میاں صاحب خود ایک صنعتکار اور تاجر ہے، مرکزی انجمن تاجران بلوچستان (رجسٹرڈ)

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان (رجسٹرڈ) کے جنرل سیکرٹری سید عبدالقیوم آغا ڈپٹی چیئرمین حاجی خدائے دوست جوائنٹ سیکرٹری سعد اللہ اچکزئی حاجی ظفر کاکڑ اللہ داد اچکزئی حاجی ارمان اچکزئی عبدالخالق آغا صدر سید نعمت اسماعیل داؤی کریم خان اچکزئی محمد جہانگیر لانگو بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

اس وقت دنیا بھر میں پولیو کا خاتمہ ہوچکی ہے، ڈاکٹر عبدالغنی بلوچ

افغانستان، پاکستان جیسے چند ممالک میں پولیو کا مرض کا خاتمہ ناگزیر بن چکا ہے

چاغی (آن لائن) پولیو مہم کے سلسلے میں شعور وآگاہی پیدا کرنے کے لیئے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبدالغنی بلوچ کی سربراہی میں واک کا اہتمام، ڈی ایچ او آفس سے واک کا اہتمام کیا گیا شہر کے مختلف شاہراہوں پر گشت کرتے ہوئے واپس ڈی ایچ او آفس پہنچ کر اختتام پزیر ہوئی شرکا سے بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

راولپنڈی، سیرت میلاد کمیٹی کے صدر عرفان صدیقی اور دیگر شیخ عبدالوحید کو راولپنڈی سیرت میلاد کمیٹی کا سرپرست اعلیٰ چنے پر ہار پہنا کر گلدستہ پیش کر رہے ہیں

اسلام امن اور آشتی اور باہمی رواداری کا بھی درس دیتا ہے، ولی محمد بڑیچ

دین اور دنیا کی بھلائی دین اسلام میں مضمر ہیں اگر ہم اپنی معمولات کو دین اسلام کے عین مطابق گزاریں

خضدار (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر خضدار ولی محمد بڑیچ نے کہا ہے کہ دین اسلام وہ دین ہے جس میں انسانیت سے محبت اور اخوت اور بھائی چارگی کے لیئے واضح احکامات دیئے گیئے اسلام امن اور آشتی اور باہمی رواداری کا بھی درس دیتا ہے خضدار کے باشندوں کی یہ روایت مثالی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز جشن عید میلاد النبی ﷺ علیہ وآلہ وسلم کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس سے خطاب کے دوران کیا بارہ ربیع الاول کے حوالے سے سیکورٹی انتظامات کے علاوہ، بارہ ربیع اول کے جلوس بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

قبائلی تنازعات کے حل کرنے سے معاشرے میں ترقی وخوشحالی آتی ہے، میر بہرک خان رند

تمام اقوام آپسی اختلافات بھلا کر ایک ہوجائیں اقوام اور ملک تب ترقی کی جانب گامزن ہونگے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) قبائلی تنازعات کے حل کرنے سے معاشرے میں ترقی و خوشحالی آتی ہے تمام اقوام آپسی اختلافات بھلا کر ایک ہوجائیں اقوام اور ملک تب ترقی کی جانب گامزن ہونگے ان خیالات کا اظہار سردار زادہ میر بہرک خان رند میر غلام مصطفی خان رند نے رند قبائل گولہ جھکرانی قبائل کے فیصلوں کے موقع پر قبائلی معززین سے بات چیت کرتے ہوئے کہا قبائلی بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

پی ٹی آئی حکومت آتے ہی ملک بحرانوں کا شکار کیا، مولوی سید حمد اللہ آغا

میزئی اڈہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام حلقہ طور خیل پیر علیزئی کے امیر مولوی سید حمد اللہ آغا جنرل سیکرٹری مولوی محیب اللہ ماسٹر صلاح الدین پیر علیزئی سید حنان آغا سید مظفر آغا نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ پی ٹی آئی حکومت بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

پشتون تحفظ موومنٹ کے رکن قومی اسمبلی محسن داوڑ کو کوئٹہ ائیرپورٹ پر روک دیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) پشتون تحفظ موومنٹ کے رکن قومی اسمبلی محسن داوڑ کو کوئٹہ ائیرپورٹ پر روک دیا گیا۔ محسن داوڑ پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے آج ہونے والے جلسے میں شرکت کے لیے کوئٹہ پہنچے تھے تاہم صوبائی حکومت کی جانب سے محسن داوڑ کو کوئٹہ ائیرپورٹ پر ہی روک لیا گیا جس کے خلاف پی ٹی ایم کے کارکنوں نے محسن داوڑ بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

چیف سیکرٹری بلوچستان کیپٹن (ر) فضیل اصغر ایوب اسٹیڈیم میں جلسے کیلئے کی گئی سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں

سائنسی علم موجودہ دور کی ایک ضرورت ہے، بی بی مستورہ

اس وقت تک دنیا کی دیگر اقوام کا مقابلہ نہیں کرسکتے جب تک ہم سائنسی علوم پر فوکس نہ کریں

پنجگور (این این آئی) پنجگور گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج خدابادان کے تحت سائنس Exhibition کا انعقاد کیا گیا پروگرام کے مہمان خاص رکن صوبائی اسمبلی بی بی مستورہ جبکہ اعزازی مہمانوں میں ماہر تعلیم واجہ منیر احمد بلوچ، پرنسپل ڈگری کالج پنجگور جاوید احمد، تربت یونیورسٹی سب کیمپس پنجگور کے پروفیسر نازیہ سابق ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر بی بی کلثوم سرتوبر اور میزبانی کے فرائض بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

پولیو مرض سے نجات اس وقت ممکن ہے جب پورا معاشرہ ملکر جنگی بنیادوں پر کام کریں، مدثر وحید ملک

پولیو ایک مہلک مرض ہے جسکی تدارک کے لئے تمام طبقات کی شمولیت کو یقینی بنانا انتہائی ناگزیر ہے

خضدار (خ ن) کمشنر قلات ڈویژن مدثر وحید ملک نے کہا ہے پولیو ایک مہلک مرض ہے جسکی تدارک کے لئے تمام طبقات کی شمولیت کو یقینی بنانا انتہائی ناگزیر ہے پولیو مرض سے نجات اس وقت ممکن ہے جب پورا معاشرہ ملکر جنگی بنیادوں پر کام کریں ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈویژنل ٹاسک فورس برائے انسداد پولیو مہم اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا اجلاس کے دوران ریجنل اسٹاپ آفیسر ڈاکٹر شفیع دانش نے اجلاس کو 26 تا 30 اکتوبر کو قلات ڈویژن میں شروع ہونے والے انسداد پولیو مہم کے تیاریوں اور گزشتہ مہم کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی اور بتایا کہ شروع ہونے والے پولیو مہم کے دوران پیدائش سے لیکر پانچ سال کے بچوں کو پولیو کے حفاظتی قطرے پلائیں گے جس کے لئے تیاریاں مکمل ہیں اور ٹیمیں تیار کی گئی ہیں۔

پاکستان کے آئین میں تمام شہریوں کو برابر حقوق حاصل ہیں، دنیش کمار

ملک میں اقلیتی عوام کو مذہب تہوار منانے اور عبادات کی آزادی ان دشمن عناصر کے منہ پر طمانچہ ہے

پاکستان کو مذہبی آزادی کے حوالے سے تنقید کا نشانہ بناتے ہیں، بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنماء و پارلیمانی سیکرٹری برائے اقلیتی امور

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنماء و پارلیمانی سیکرٹری برائے اقلیتی امور دنیش کمار نے کہا ہے کہ پاکستان کے آئین میں تمام شہریوں کو برابر حقوق حاصل ہیں، ملک میں اقلیتی عوام کو مذہب تہوار منانے اور عبادات کی آزادی ان دشمن عناصر کے منہ پر طمانچہ ہے جو پاکستان کو مذہبی آزادی کے حوالے سے تنقید کا نشانہ بناتے ہیں۔ یہ بات انہوں نے ہنگلاج ماتا لسبیلہ میں ہندو برادری کے۔ نور اتری کے میلے میں شرکت کرنے والے یاتریوں سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان نے ہنگلاج ماتا میں آنے والے یاتریوں کی سہولیات کے لئے کروڑوں روپے کے فنڈ مختص کئے ہیں بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

لاہور، صوبائی وزیر ہائر ایجوکیشن راجہ سرہمایوں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پاکستان کوسٹ گارڈز کی بڑی کارروائی

17000 ملین روپے کی 3180 کلوگرام اعلیٰ کوالٹی کی چرس کی اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی

اوتھل (نامہ نگار) پاکستان کوسٹ گارڈز کی بڑی کارروائی، 17000 ملین روپے کی 3180 کلو گرام اعلیٰ کوالٹی کی چرس کی اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنا کر چرس، تین عدد سنگل کیبن گاڑیاں اور ایک موٹر سائیکل برآمد کرکے تفتیش شروع کردی۔ ڈائریکٹر جنرل پاکستان کوسٹ گارڈز کی جوانوں کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے خراج تحسین پیش کیا، منشیات بیرون ملک اسمگل ہونا تھی۔ پاکستان کوسٹ گارڈز کے پریس ریلیز کے مطابق پاکستان کوسٹ گارڈز کو خفیہ ذرائع سے اطلاع ملی کہ پسنی سے بھاری مقدار بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم شامل بعض جماعتیں اور شخصیات بالواسطہ شہید وطن نواب اکبر بگٹی شہید کے قتل میں ملوث رہی ہیں

پی ڈی ایم کے پلیٹ فارم سے نواب اکبر بگٹی شہید کا نام استعمال کرنے سے گریز کیا جائے، نوابزادہ جمیل اکبر بگٹی

کوئٹہ (این این آئی) نوابزادہ جمیل اکبر بگٹی نے پی ڈی ایم میں شامل مسلم لیگ ن، پیپلز پارٹی اور سردار اختر مینگل سے اپیل کی ہے کہ پی ڈی ایم کے پلیٹ فارم سے ان کے والد نواب اکبر بگٹی شہید کا نام استعمال کرنے سے گریز کریں کیونکہ پی ڈی ایم شامل بعض جماعتیں اور شخصیات بالواسطہ شہید وطن نواب اکبر بگٹی شہید کے قتل میں ملوث رہی ہیں اور جب ان کے والد سمیت کئی بے گناہ بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

گوٹھ نواب خان گھوٹیہ پرائمری سکول بلڈنگ ٹوٹ پھوٹ کا شکار

تحصیل گمبی گنداواہ (این این آئی) گوٹھ نواب خان گھوٹیہ پرائمری سکول بلڈنگ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ایجوکیشن آفیسر تحصیل گمبی اور ڈی سی تحصیل گمبی دفتر کے چکر کاٹ کاٹ کر تھک گیا ہوں گوٹھ نواب خان گھوٹیہ پرائمری سکول بلڈنگ ٹوٹ پھوٹ کا شکار تعلیم حاصل کرنے والے طلباء کو جانی بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

عوام پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور گاڑیوں کے کالے شیشے اور غیر قانونی نمبر پلیٹ اتار دیں، ایس ایچ او

امن وامان کے پیش نظر کالے شیشوں اور گاڑیوں پر لگے غیر قانونی نمبر پلیٹ کے خلاف آپریشن آئندہ بھی جاری رہے گا

ژوب (این این آئی) ڈی آئی جی سید علی محسن اور ایس پی ژوب وشیرانی فہد خان کھوسہ کی خصوصی ہدایت پر ایس ایچ او شیر علی مندوخیل کی سربراہی میں ٹریفک سارجنٹ عبدالرشید اور دیگر پولیس پارٹی کے ہمراہ ژوب شہر کے مختلف علاقوں میں گاڑیوں کے غیر قانونی نمبر پلیٹ، کالے شیشوں اور پردوں کے خلاف گرینڈ آپریشن شروع مختلف علاقوں میں درجنوں گاڑیوں کے کالے شیشے، پردے اور غیر قانونی نمبر پلیٹ اتار دیے انہوں نے کہا کہ امن وامان کے پیش نظر کالے شیشوں اور گاڑیوں پر لگے بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

جمعیت علما اسلام کے زیر اہتمام پی ڈی ایم جلسہ عام کے سلسلے میں ریلی نکالی گئی

دکی (آن لائن) جمعیت علما اسلام کے زیر اہتمام پی ڈی ایم جلسہ عام کے سلسلے میں ریلی نکالی گئی۔ ریلی کے شرکا نے شہر کے مختلف روڈوں کا چکر لگایا۔ جسکے بعد جمعیت علما اسلام کے سالاروں کا قافلہ کوئٹہ روانہ ہوگیا۔ پچیس اکتوبر کے کوئٹہ جلسے کے لئے پی ڈی ایم نے کیمپ لگا کر افتتاح کردیا۔ افتتاحی تقریب میں جمعیت علما اسلام کے امیر مولوی ولی محمد، جنرل سیکرٹری حافظ محمد آمین، مولوی عبدالعلی اخوندزادہ، عوامی نیشنل پارٹی بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر

سانحہ نشتر پارک کے مجرموں کو سرعام پھانسی دی جائے، علامہ علی نواز القادری

سرکار دو عالم ﷺ کا میلاد منانے والوں کو 2006 میں کراچی میں بم دھماکے میں شہید کیا گیا

سنی تحریک نے دین اسلام اور قیام امن کیلئے سب سے زیادہ قربانیاں رقم کی ہیں

کوئٹہ (آن لائن) سنی تحریک عوامی کے صوبائی چیف آرگنائزر علامہ علی نواز القادری نے کہا ہے کہ سانحہ نشتر پارک کے مجرموں کو سرعام پھانسی دی جائے سرکار دو عالم ﷺ کا میلاد منانے والوں کو 2006 میں کراچی میں بم دھماکے میں شہید کیا گیا جس میں سنی تحریک کی دو اعلیٰ قیادتوں سمیت 63 جید علماء ومشائخ اہلسنت شہید ہوئے تاریخ گواہ ہے کہ ملک بھر میں ایک گملہ تک نہیں ٹوٹا کیونکہ ہمارے بزرگوں نے ہمیشہ امن ومحبت والے فلسفے کو پروان چڑھایا اور ملکی تعمیر وترقی اور استحکام کیلئے کردار ادا کیا ہے۔

عوام نمودہ نااہل حکمرانوں کے خلاف عالم بغاوت کرکے نکلیں گے، علی مدد جتک

پاکستان پیپلز پارٹی پی ڈی ایم کے تحریک میں ہراول دستے کا کردار ادا کرے گی، پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر

نااہل حکمرانوں کی ناقص پالیسیوں کی وجہ سے آج برسر روزگار لوگ اپنے ہی روزگار سے محروم ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر حاجی میر علی مدد جتک نے کہا ہے کہ عوام موجودہ نااہل حکمرانوں کے خلاف عالم بغاوت کرکے نکلیں گے، پاکستان پیپلز پارٹی پی ڈی ایم کے تحریک میں ہراول دستے کا کردار ادا کرے گی، نااہل حکمرانوں کی ناقص پالیسیوں کی وجہ سے آج برسر روزگار لوگ اپنے ہی روزگار سے محروم ہیں، پیپلز پارٹی کے مرکزی قائدین کوئٹہ پہنچ گئے ہیں جبکہ بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

راولپنڈی، ڈینگی کھوئی چوک کے قریب کھلا مین ہول کسی حادثے کا سبب بن سکتا ہے

جو لوگ واپڈا کو توڑنے کے درپے ہیں دراصل وہ فیڈریشن کو توڑنا چاہتے ہیں، فرید لونی

کوئٹہ (این این آئی) آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو ورکرز یونین ایکشن کمیٹی کے زیر اہتمام ہفتہ کو مرکزی چیف آرگنائزر فرید لونی، ڈپٹی چیف آرگنائزر علی احمد کاسی کی قیادت میں کوئٹہ پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا مظاہرین نے بینرز اور پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے جن پر نعرے بقیہ نمبر 71 صفحہ 3 پر

خلیل احمد رند ولد جمعہ خان سکنہ کوہنگ طویل علالت کے بعد وفات پاگئے ہیں

کوئٹہ (پ ر) خلیل احمد رند ولد جمعہ خان سکنہ کوہنگ طویل علالت کے بعد وفات پاگئے ہیں۔ مرحوم گزشتہ دس سالوں سے معذور اور ایک سال سے گردوں کے عارضے میں مبتلا تھے۔ بقیہ نمبر 70 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم جلسے کو کامیاب کریں گے کسی دھونس دھمکیوں سے مرعوب نہیں ہونگے، مولانا عبداللہ جتک

اوستہ محمد (آن لائن) پی ڈی ایم جلسے کو کامیاب کریں گے کسی دھونس دھمکیوں سے مرعوب نہیں ہونگے اگر گرفتاریاں ہوں تو روڈ بلاک کریں گے ان خیالات کا اظہار جمعیت علما اسلام کے مرکزی مشاورتی کونسل کے ممبر مولانا عبداللہ جتک نے بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

سرکار دو عالم ﷺ کا میلاد منانے والوں کو 2006 میں کراچی میں بم دھماکے میں شہید کیا گیا

سنی تحریک نے دین اسلام اور قیام امن کیلئے سب سے زیادہ قربانیاں رقم کی ہیں

کوئٹہ (آن لائن) سنی تحریک عوامی کے صوبائی چیف آرگنائزر علامہ علی نواز القادری نے کہا ہے کہ سانحہ نشتر پارک کے مجرموں کو سرعام پھانسی دی جائے سرکار دو عالم ﷺ کا میلاد منانے والوں کو 2006 میں کراچی میں بم دھماکے میں شہید کیا گیا جس میں سنی تحریک کی دو اعلیٰ قیادتوں سمیت 63 جید علماء ومشائخ اہلسنت شہید ہوئے تاریخ گواہ ہے کہ ملک بھر میں ایک گملہ تک نہیں ٹوٹا کیونکہ ہمارے بزرگوں نے ہمیشہ امن ومحبت والے فلسفے کو پروان چڑھایا اور ملکی تعمیر وترقی اور استحکام کیلئے کردار ادا کیا ہے۔

سلیکٹڈ وزیراعظم کے بیانات اور تاثرات سے بوکھلاہٹ واضح نظر آرہی ہے، سردار سربلند جوگیزئی

موجودہ نااہل حکمرانوں نے عوام کی زندگی اجیرن کردی ہے، ترجمان پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے ترجمان سردار سربلند جوگیزئی نے کہا کہ سلیکٹڈ وزیراعظم کے بیانات اور تاثرات سے بوکھلاہٹ واضح نظر آرہی ہے آج کوئٹہ میں پی ڈی ایم کے جلسے میں لاکھوں کی تعداد میں عوام شرکت کرکے نا اہل اور سلیکٹڈ حکمرانوں کے خلاف اپنا فیصلہ سنادیں گے پی ڈی ایم کی تحریک کے نتیجے میں نا اہل وزیراعظم اور اسکے سلیکٹڈ حکمرانوں کو بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر

شیخ جعفر خان مندوخیل کی جانب سے مریم نواز کو پشتون کلتور کی روایتی چادر اور ملبوسات تحفہ میں دیئے گئے

کوئٹہ (آن لائن) شیخ جعفر خان مندوخی